# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 23 جون 2022ء بمطابق 23 ذیقعد 1443 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

**فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰىO يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰىO بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰىO فَاَمَّا مَنْ طَغٰىO وَ اٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَاO فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰىO وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰىO فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى۔**

(ترجمہ): پھر جب وہ عام سب سے بڑی مصیبت آئے گی۔ اس دن آدمی یاد کرے گا جو اس نے کوشش کی تھی۔ اور جہنم ہر دیکھنے والے کے لئے ظاہر کر دی جائے گی۔ تو بہر حال وہ جس نے سرکشی کی۔ اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی۔ تو بیشک جہنم ہی (اس کا) ٹھکانہ ہے۔ اور رہا وہ جو اپنے رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا۔ تو بیشک جنت ہی (اس کا) ٹھکانہ ہے ۔و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

## اراکین کی رخصت

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Leave applications، یہ چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں: جناب محمد ریاض خان صاحب، 23 جون اور حاجی قلندر لودھی صاحب، 23 جون۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The leave is granted. Item No. 4. Demands for Grant: Cut motions thereof, Mr. Akram Khan Durrani, Leader of the Opposition.

## رسمی کارروائی

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف)</u>: جناب سپیکر، زه ستاسو مخکښې يو څو خبرې وړاندې کوم، اوس زمونږ د ټول اپوزيشن پارټيانو ميټنگ وو، د هغوی څه تحفظات دی نو هغه زه ستاسو مخې ته راولم۔ ماته معلومه ده چې ته خپله د يو درونډ کور پښتون سړے ئې خو اوس چې ستا په دې هاؤس کښې کومه رويه ده نو ډير په ادب سره زما برخوردار ئې، تاته معلومه ده چې ستا د پلار او زما ناسته پاسته وه خو ستا رويه نه هغه شان جمهوری ده او نه پارليمانی ده، دا اسمبلی چې ده دا د پښتنو اسمبلی ده، دا هميشه ده، زه د 1990ء نه دې اسمبلۍ ته راځم، دا اسمبلی مونږ په رواياتو کښې هم چلولې ده ځکه چې د دې صوبې خپل قانون او د دې خپل کوم روايات چې دی، دا دواړه په يو شان چليږی۔ اوس دا ستا رويه چې ده، دا ستا د عمر سره چې کوم، اوس دلته ته سپين ږيرو ته يا د پارټۍ مشرانو ته په کوم انداز باندې خبرې کوې نو هغه خبرې ستا د شان سره مطابق نه دی۔ اپوزيشن دا فيصله کړې ده چې که چرته تاسو په دې خپله رويه باندې نظر ثانی اوکړه نو ته خو په مونږ ګران ئې، بس ستا دا کرسۍ چې ده د دې مونږ سره احترام دے او که چرته تا نظر ثانی او نه کړه نو بيا د مشتاق غنی صاحب سره چې زمونږ کومه رويه جوړه شوې وه، يو دوه مياشتې اوچليده، اخر کښې هغوی په خپله رويه باندې نظر ثانی اوکړه، بيا ئے ماته ټيليفون اوکړو چې زه ستا کور ته درځم، مانه غلطيانې شوې دی، را باندې بوجھ دے۔ بيا ما دا ټول پارليمانی ليډران راوغښتل او هغه ته مونږ په خپل کور کښې هغه عزت ورکړو

چې هغه د پښتنو روایات دی۔ (تالیاں) اوس زه د دې خلقو نمائندګی کوم خو مجبوری دا ده چې زما ډیوټی په اسلام آباد کښې زیاته وی، هاؤس ته زه نه شم راتللے خو ګوره دا وختونه بدلیږی رابدلیږی، دا د چا په اختیار کښې نه دی، دا به د چا په سوچ کښې راتلله چې د عمران خان صاحب پسې به دومره فورس ولاړ وی، چاته پته وه؟ خو چې کله د رب نه فیصله راشی نو هغه په سیکنډونو کښې بدله شی او بیا (تالیاں) چې هلته کیدې شی نو دا بیا په هر ځائې کښې کیدې شی۔ زه به بیا تاته هغه خپل وخت رایاد کړم چې ته ورکوټے وې، مطلب دا دے چې ستا د پلار سره زمونږ مینه محبت او ستا د خاندان سره په غم ښادئ باندې چې ما په سپینه ږیره چرته داسې مجبور نه کړې چې هغه زاړه روایات راباندې خراب کړې، او نه دا زما ملګری، د اپوزیشن ممبران زما عزت دے، (تالیاں) که ته هر یو سره سختی اوکړې، ګوره دلته رولز چې دی، مونږ خو ډیر د قانون والا خلق نه یو خو د پښتو د روایاتو نه زیات خبر یو او چې چرته هم په دې صوبه څه خبره راغلې ده نو د قانون نه چې خرابه شی، دا بیا به هغه د پښتو په رسم و رواج باندې روغیږی۔ زما به تاته ډیر په ادب باندې دا ریکویسټ وی چې تاسو په دې باندې، اوس ستاسو څه تندی ده، تاسو مونږ سره دوه بجې کړې وې، دا په رولز کښې شته چې په هغه وخت به ئے کوئ که نشته؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: زه درله د ټولو جواب درکوم، د ټولو جواب درکوم ان شاء اللّٰه۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: نو که چرته په رولز کښې وی، مونږ خو درې بجو له اورسیدو نو چې ستاسو تندی وی، پکار ده چې مونږ د دوه بجو نه کښینو او که لږ مونږ اضافی ټائم واخلو نو څه دغه به پکښې نه راځی۔ بل دا خو نه ده چې مونږ به خامخا کټ موشن په دوه درې ورځو کښې کوؤ، ګوره که ته خلقو ته وخت ورکړې نو هغه به د حکومت په فائده کښې راځی، د دې نه تاسو مه یریږئ چې دا به اخبار ته لاړه شی چې دلته کرپشن شوے دے یا دلته څه دی، د اپوزیشن خو کار دغه دے، اوس که مونږ تاسو ته د ښه نیت نه د اصلاح په بنیاد یوه خبره اوکړو چې په دې باندې تاسو سوچ اوکړئ، تاسو په هغې لږ بدلی اوکړئ، دا خو څه دانا مسئله نه ده۔ مونږ اپوزیشن دا هم خبره کړې ده چې دا اجلاس چې څو

ورځې هم وی، مونږ به حالاتو ته ګورو، ما پرون هم دلته یوه خبره د اپوزیشن د طرف نه کړې وه، اکبر ایوب ورسره وو، تیمور جهګړا صاحب ورسره وو، شوکت یوسفزئی لاندې ګوری، ماته هم کله کله ګوره، دے ورسره وو، (قہقہے) زما کشر دے، زما چیمبر ته راغلل، پروسږکال د بجټ نه مخکښې محمود خان زما د سوات پښتنو ممبرانو سره د پښتون په ژبه دا وعده اوکړه چې زه تاسو ته فنډ درکوم، دا ځل به زه زیاتے نه کوم، مونږ خو په دې حیثیت کښې چې دا کرسئ څومره لویه ده، په دې باندې سړے څومره لوئې ناست وی، د هغې احترام په هر چا باندې فرض دے خو زما خیال دے چې هغه ته هغه خبره په هغه ورځ یاده وه یا نه وه یاده؟ ګوره دا حلقې چې دی دا په فنډونو باندې نه دی، که ته ډیر ورکړې نو دا به پرې اوشی، د هر چا خپل خپل شخصیتونه دی، کورونه دی، قبیلې دی، ستا به وی، زما به وی، د هغې سره ترلی خلق دی، مونږ هم دا وایو چې خیر دے د سوات والا خان او د هغه پښتون ته مونږ خبره وریادوله، نور هم مونږ په فنډونو کښې محتاجه نه یو، ستاسو مننه چې ماته مو وخت راکړو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره مهربانی۔ درانی صاحب، زه چې په دې کرسئ ناست یم نو زه به حق کوم، زه دا نه کوم چې زه به تاسو نه Dictation اخلم او یا به د ګورنمنټ نه Dictation اخلم، زه به دا نه وایم چې تاسو دلته چغې جوړې کړئ دا کرسئ Pressurize کړئ، ما مخکښې هم وئیلی وو چې داسې څوک هم ذات نشته چې کم از کم محمود جان Pressurize کړی، هغه څوک هم نشته، نه شی Pressurize کولے ان شا ءالله۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: زه خبره کوم، نه جی، تاسو خبره اوکړه، اوس تاسو زما واورئ جی، ګوره جی، اوس زما واورئ، تاسو اوس برداشت پیدا کړئ جی، څنګه چې مونږه ټولو ستاسو خبره واوریدله، داسې تاسو هم خبره واورئ جی۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: هر څومره چې چغې اووهئ کنه نو په چغو نه کیږی۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: په چغو باندې نه کیږی جی، که تاسو هر څومره چغې اووهئ کنه، په چغو نه ده جی، زه Pressurize کیږم نه، زه به خپل بجټ پیش کوم، که څوک خبرې کوی نو کوی دې، که نه کوی نو زه به ئے Lapse کوم۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: زه ایجنډې ته راځم، که څوک خبره کوی، ګنې Lapse کیږی به۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: دوئ یو خبره اوکړه چې بجټ به څومره ورځو کښې کیږی؟ نو د دې د پاره Days مخکښې نه مختص شوې دی او د هر آئټم د پاره خپل وخت مختص دے، د کټ موشنز خپل Days دی، د ضمنی بجټ خپل Days دی، د هغې خپل کټ موشنز دی او 30 جون نه مخکښې دا پاس کول دی، نو درانی صاحب اووئیل چې دا ضروری نه ده چې هغه کټ موشنز دې په درې ورځو کښې اوشی، دا هم په درې ورځو کښې کیږی، هغې نه پس دوه ورځې بیا ضمنی بجټ دے، په هغې بحث دے، بیا کټ موشنز دی، د هغې د پاره خپل Days مختص دی، د هغې مطابق کیږی، د رولز مطابق به دا شے کیږی، دا مختص دی۔

جناب منور خان: رویه ٹھیک کړه، رویه ټهیک کړه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: الحمد لله زما رویه ټهیک ده، ته اول چل ایزده کړه، ته ځان ته لا ایډوکیټ وائې، چل ایزده کړه۔

## مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

Mr. Deputy Speaker: Minister for Finance, on behalf of the honorable Chief Minister, to please move his Demand No. 4, please.

جناب تیمور سلیم خان(وزیر خزانہ): جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 89 کروڑ 53 لاکھ 08 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 89 crore, 53 lac, 08 thousand only, may be granted to the Provincial Government, to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2023, in respect of Planning and Development and Statistics Department

Cut motions: Madam Nighat Yasmeen Orakzai, (not present), it lapses. Mr. Mehmood Ahmad Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapses. Ms. Shagufta Malik, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapses. Mr. Mir Kalam Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present) it lapses. Ms. Naeema Kishwar Khan, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Inayat Ullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present) it lapsed. Sardar Aurangzeb Nalotha, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Khushdil Khan Advocate, MPA, to move his cut motion on Demand No. 4.

Mr. Khushdil Khan Advocate: I move cut motion of ten rupees.

(Applause)

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Mian Nisar Gul, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

میاں نثار گل: جناب سپیکر، میں ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ms. Rehana Ismail, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: دس لاکھ کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ حمیرا خاتون: ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Sirajuddin, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Bilawal Afridi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Shafique

Afridi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Sardar Muhammad Yousaf Zaman, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Ikhtiar Wali, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب اختیار ولی: چالیس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کھڑے ہو جائیں، سیٹ پر نظر نہیں آ رہے ہیں۔

جناب اختیار ولی: یہ رہا، میں کھڑا بھی ہو گیا، آپ اگر خود اپنے لئے عزت طلب کرتے ہیں تو دوسروں کو بھی عزت دینا سیکھ لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، آپ کھڑے ہونے کا طریقہ سیکھیں، آپ اسمبلی میں پہلی دفعہ آئے ہیں، طریقہ سیکھ لیں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before is the House is that the total grant may be reduced by rupees forty thousand only. Ms. Sobia Shahid, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Ahmad Kundi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب احمد کنڈی: پندرہ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifteen only. Mr. Ranjeet Singh, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Zafar Azam, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Ms. Baseerat Khan, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ بصیرت خان: ایک سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Bahadar Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب بہادر خان: جی د و سو روپئی کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Badshah Saleh, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

ملک بادشاہ صالح: دو ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Akram Khan Durrani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): میں دس لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Mr. Salahuddin, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

Mr. Salahuddin: I propose that the Demand No. 4 may be reduced by rupees one million.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one million only. Mr. Sardar Hussain Babak, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Ms. Samar Haroon Bilour, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Ms. Shahida, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 4.

محترمہ شاہدہ: پانچ ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Nisar Ahmad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

جناب نثار احمد: پچاس ہزار کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty thousand only. Mr. Sahibzada Sanaullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4.

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ساٹھ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees sixty thousand only. Mr. Fahim Ahmad Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Hafiz Isamuddin, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 4, (not present), it lapsed. Mr. Khushdil Khan, MPA..

جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Demand for grant No. 4 is very important and the Planning and Development Department is also very important. اس محکمے کی دو بہت اہم ذمہ داریاں ہیں، پلاننگ کرنا اور پلاننگ کی بنیاد پر

ڈیویلپمنٹ کرنا ہے۔ جناب سپیکر، یہاں پر ہمارے وزیر خزانہ کل کہہ رہے تھے کہ وفاقی حکومت سے ہمیں کوئی پیسہ نہیں مل رہا ہے، میں آج پوچھ سکتا ہوں کہ گزشتہ ماہ بجٹ سے پہلے قومی اقتصادی کونسل کی میٹنگ ہو چکی تھی جو وزیر اعظم نے بلائی تھی، اس نیشنل اکنامک کونسل میں وزیر اعلیٰ ممبر ہوتا ہے، وزیر اعلیٰ صوبے کی ترجمانی کرتا ہے، اس کے ساتھ ہمارے وزیر خزانہ بھی ہوتا ہے لیکن یہ دونوں اس میٹنگ میں نہیں تھے اور جو قومی اقتصادی کونسل ہے وہ مالیات، تجارت اور معاشی پالیسیاں بناتی ہے، ساتھ دوسرے مسائل پر بھی گفتو شنید ہوتی ہے۔ جب آپ وہاں پر جاتے نہیں ہیں، جب آپ وہاں اپنے صوبے کا مقدمہ نہیں لے جاتے ہیں تو آپ کو کون پیسہ دے گا؟ اسی طرح کل آپ کی سی سی آئی کی میٹنگ ہو گی، Council of Common Interest کی میٹنگ ہو گی، کل آپ کے این ایف سی کی میٹنگ ہو گی، جب آپ نہیں جائیں گے تو آپ صوبے کے لئے کیا لائیں گے؟ آپ کی سیاسی مخالفت اپنی جگہ پر لیکن اب آپ ایک صوبے کی ترجمانی کرتے ہیں، ایک صوبے کی نمائندگی کرتے ہیں، جب آپ ان کے ساتھ آنکھیں ملانے کی جرات نہیں رکھتے ہیں، آپ وہاں میٹنگ میں نہیں جاتے، اپنی جگہ پر آپ چیف سیکرٹری کو بھیجتے ہیں، ایک بیوروکریٹ کو بھیجتے ہیں، وہ بھی تو فیڈرل گورنمنٹ کا ایجنٹ ہوتا ہے، وہ آپ کے لئے کیا لائے گا؟ جناب سپیکر، میں یہ گزارش کروں گا کہ آپ کی سیاسی مخالفت اپنی جگہ پر لیکن صوبے کی نمائندگی اپنی جگہ پر ہے، اگر آپ وہاں بیٹھ جائیں گے، وہاں سے جب پالیسیاں بنا کر لے آئیں گے تو یہاں پر ہماری پلاننگ اور ڈیویلپمنٹ بن جائیں گی۔ جناب سپیکر، دوسری بات یہ ہے کہ جو ریلیز کا طریقہ کار ہے وہ اچھا طریقہ کار نہیں ہے، پلاننگ ڈیویلپمنٹ کے ساتھ یہ پاور نہیں ہونی چاہیئے، یہ پاور فنانس کے پاس ہونی چاہیئے، پلاننگ اور ڈیویلپمنٹ ایک خاص آدمی کو دیتے ہیں، ایک کلاس کو دیتے ہیں، کسی کے کہنے پر دیتے ہیں، جس کی وجہ سے بعض سکیمیں کمپلیٹ ہو جاتی ہیں اور بعض سکیمیں سالوں سال رہ جاتی ہیں، میرا یہ مطلب ہے کہ اس چیز پر ہم ووٹنگ کریں گے، ہم ان کی پالیسیوں کو سپورٹ نہیں کریں گے، Thank you very much.

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ پر آج بات ہو رہی ہے، میں وزیر خزانہ کی توجہ یا جو بھی پی اینڈ ڈی کے وزیر صاحب ہیں، ان کی بھی دلانا چاہتا ہوں کہ یہ تو ضلعوں میں جا کر ادھر سے پوچھتے ہیں کہ ان ضلعوں کی کیا ضروریات ہیں؟ پھر ان ضلعوں کے جو ڈیمانڈز ہوں وہ صوبے میں آتے ہیں، پھر وہی ڈیمانڈ صوبہ پورا کرتا ہے اور کچھ نہ کچھ مرکز سے لے کر آتا ہے لیکن میرے خیال میں چار سال

ہو گئے ہیں، ہم ادھر کھڑے ہیں، ہم سے تو اپنے ضلعے کا پوچھا بھی نہیں گیا کہ ہمارے ضلع کی ضرورت کیا ہے؟ اسی طرح یہ اپنی انا میں پڑے ہوئے ہیں، پہلے چار سال تو ان کے مزے تھے، اب یہ اسلام آباد سے نہیں پوچھتے، جس طرح ہم سے نہیں پوچھتے، یہ صوبہ کس طرح چلے گا؟ جناب سپیکر، یہ Mind نہ کریں، ہر کوئی کہہ رہا ہے کہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ میں Percentage پر فنڈز ریلیز ہوتا ہے اور جو Percentage زیادہ دے تو اس کا فنڈ پھر فنانس جاتا ہے، یہ ڈیپارٹمنٹ کی بہت بڑی ذمہ داری ہے اور ہونی بھی چاہئیے، ہر ضلعے کا اپنا حصہ ہوتا ہے، آبادی کے لحاظ سے، رقبے کے لحاظ سے لیکن میں آج یہ پوچھنا چاہتا ہوں، فنانس منسٹر بھی بیٹھے ہوئے ہیں کہ آیا اس نے جو وسائل کی تقسیم کی ہے، آیا یہ پورے صوبے میں آبادی کے لحاظ سے کی ہے یا رقبے کے لحاظ سے کی ہے؟ جس طرح خوشدل صاحب نے کہا، یہ ادھر کہہ رہے ہیں کہ ہمیں پیسے نہیں مل رہے ہیں، میں تو کہہ رہا ہوں کہ اللہ کرے کہ آپ کو کچھ نہ ملے، آیا آپ نے چار سال میں اکاون (51) ایم پی ایز کے حلقوں کو پیسے دیے ہیں؟ کیا وہ اس ایوان کے لوگ نہیں ہیں؟ درانی صاحب ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، میں نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی کہا تھا کہ صوبے کے وسائل پر پہلا حق اس صوبے کے لوگوں کا ہے لیکن پھر جب آپ تقسیم کرتے ہیں تو ابھی طریقہ کار بدل بھی سکتا ہے، وہ طریقہ کار یہ ہونا چاہیے کہ اگر اپوزیشن کے اکاون (51) ایم پی ایز کے حلقوں میں گزشتہ چار سال کے دوران فنڈ نہیں گیا ہے، ہمارے صوبے کا مرکز کے ساتھ جو حق ہے وہ ڈائریکٹ ان حلقوں کو جانا چاہیئے کہ اس سے کم از کم ان کی محرومیاں ختم ہوں، ان کے ترقیاتی کام ہوں، چونکہ انہوں نے چار سال اپنے علاقوں میں اتنے کام کئے ہیں کہ میرے خیال میں اب ضرورت بھی نہیں ہو گی۔ میری یہ Suggestion ہو گی کہ فیڈرل گورنمنٹ اس پر سوچے کہ صوبے کا حق ہمارا اپنا ہے، ہم اپنا حق مانگیں گے۔ جناب سپیکر، آپ کے حلقوں کو دیں گے کیونکہ پھر آپ کہیں گے کہ میں تو یہ کر رہا ہوں، میں تو وہ کروں گا، میں آپ کو ایوان سے باہر نکال دوں گا، آپ کو ہم کوشش کریں گے کہ آپ سے کٹوتی نہ ہو لیکن فنانس منسٹر کا حلقہ یا اکبر ایوب صاحب یا کسی کا حلقہ جو بھی ہو، ان کے حلقوں سے پہلے ان اکاون (51) ایم پی ایز کے حلقوں کو پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ سے ڈائریکٹ فنڈ چلا جائے۔ درانی صاحب بار بار کہہ رہے ہیں کہ کیا ہمیں فنڈ کی ضرورت نہیں ہے؟ چار سال ہو گئے ہیں، ہم نے احتجاج کیا، ادھر ہم کھڑے ہوئے، ہمارے ساتھ وعدے ہوئے اور وہ وعدے ایفا نہ ہو سکے، ہم اب کیا کہیں گے کہ آخری سال میں ہمیں پیسے ملیں گے؟ میرے خیال میں مشکل ہے کہ ہمیں کوئی پیسے ملیں، Thank you so much.

**جناب ڈپٹی سپیکر:** مسز ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

**محترمہ ریحانہ اسماعیل:** شکریہ جناب سپیکر، پالیسی لیول اور ترقیاتی منصوبے کی حکمت عملی میں اور اے ڈی پی کی تیاری میں پی اینڈ ڈی کا بہت زیادہ عمل دخل ہے، ہمارا ادارہ شماریات اس کے Under آتا ہے لیکن پتہ نہیں کیوں پی اینڈ ڈی کو ہمارے جو پسماندہ اضلاع ہیں وہ کیوں نظر نہیں آتے؟ ہم ہمیشہ سے یہ کہتے ہیں کہ ہر ادارے کو اپنا کام کرنے دیا جائے، اس کو Pressurize نہ کیا جائے تاکہ وہ اپنا کام صحیح طریقے سے کر سکے لیکن پی اینڈ ڈی کا جو کام ہے وہ ہمیں صحیح نظر نہیں آ رہا۔ دوسرا، جو میں کمی محسوس کرتی ہوں کہ جب بھی یہاں پر قدرتی آفات آتی ہیں، زلزلہ آتا ہے یا سیلاب آتا ہے تو ہمارے پاس Accurate data نہیں ہوتا، جب ہمارے پاس Accurate data نہیں ہوگا تو آگے ہم اس پر کیا منصوبہ بندی کر سکیں گے؟ اس سلسلے میں ضرور سوچنا چاہیئے کہ Accurate data ہو، تب ہی ہم آگے منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ شکریہ جی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** مسز حمیرا خاتون صاحبہ۔

**محترمہ حمیرا خاتون:** شکریہ جناب سپیکر صاحب، یہ محکمہ بھی باقی چند چیدہ محکموں میں سے ایک محکمہ ہے جو کہ صوبے کی ترقی میں نہایت اہم Role play کرتا ہے۔ میرے یہ ایک دو تین سوال ہیں، وہ میں پوچھنا چاہتی ہوں کہ پچھلے تین سالہ، چار سالہ دور میں اس محکمے کے تحت صوبے کو اپنا حق وفاق سے لینے کے لئے کتنی پلاننگ ہوئی ہے؟ چاہے وہ گیس کی ہو، چاہے وہ بجلی کی ہو، چاہے وہ پانی کی ہو، اس کے لئے وہاں پر اپنے حق کے لئے کس نے آواز اٹھائی اور اس محکمے نے کتنا Plan کیا اور اس پر کتنا فوکس کر کے کام کیا، انہوں نے وہاں سے کتنے حقوق لے کر ہمارے اس صوبے کو دیئے؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ اس محکمے کی ناقص کارکردگی کا کیا المیہ ہے کہ مقرر کیا گیا، Allocate کیا گیا فنڈ ان سے کیوں Lapse ہوتا ہے؟ کل منسٹر صاحب نے یہاں پر Fund lapse کی بات کی لیکن کہیں پر Fund lapse نہیں ہو رہا، مجھے تو اس بات پر بڑی حیرت ہوتی ہے کہ ان کے پاس شاید اعداد و شمار ٹھیک نہیں آ رہے ہیں یا ان کو ٹھیک نہیں بتایا جا رہا کہ یہ محکموں کے اندر جو Funds lapse ہو رہے ہیں آخر اس کی کیا وجوہات ہیں؟ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر:** اختیار ولی صاحب۔

**جناب اختیار ولی:** تھینک یو، جناب سپیکر۔ جس طرح مجھ سے پہلے مقررین نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کی بات کی، یہ وہ ادارہ ہے جو صوبے کے وسائل اور صوبے کے مسائل کو مدنظر رکھ کر اگلے پانچ

سال کے لئے منصوبہ بندی کرتا ہے، کیا ہماری اس وزارت نے اور اس ڈیپارٹمنٹ نے اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کی ہیں؟ کیا یہ اپنے وسائل جہاں سے ان کو انکم آنی تھی، وہاں سے انہوں نے وصول کی؟ کیا انہوں نے اس بات کی ضرورت محسوس کی ہے کہ جو وعدے الیکشن میں لوگوں کے ساتھ کئے گئے تھے کہ کھیل کے میدان بنائیں گے، اس بارے میں انہوں نے کوئی عملی قدم اٹھایا ہے؟ جو سینکڑوں سکول بننے تھے، اس کے بارے میں انہوں نے کچھ کیا ہے؟ کچھ بھی نہیں کیا۔ جناب سپیکر، یہاں پر میگا انڈسٹریز لگانے کا کوئی پلان آیا؟ نہیں۔ انہوں نے مزدوروں کے حقوق کے لئے کوئی تکلیف، کوئی زحمت گوارا کی؟ کوئی نہیں۔ اگر یہ Industrialization کی طرف نہیں جاتے، مزدور کی طرف نہیں دیکھتے، سکول کی طرف نہیں دیکھتے، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ میں ہیلتھ کے نظام کو ٹھیک کرنے یا اس میں بہتری لانے کا کوئی منصوبہ نہیں بنتا تو ایسے محکمے کی کیا ضرورت ہے؟ ہمیں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جو پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کا محکمہ ہے وہ صرف اور صرف وزیراعلیٰ صاحب کے حلقے میں Busy ہے، ان کو صرف وہی حلقہ خیبر پختونخوا ہے، صرف وہی صوبہ ہے اور یہ سارے وسائل ادھر ہی لٹائے جا رہے ہیں یا مل ملا کر کہیں اس صوبے کے جو دو چار بڑے گنے چنے لوگ ہیں، چاہے وہ صوابی سے ہوں یا کہیں اور سے ہوں، ان کے لئے یہ کام کرتا ہے، باقی تو کچھ بھی نہیں ہے۔ جناب سپیکر، کیا اپوزیشن کے لوگوں کو بٹھا کر ان سے ان کے حلقوں، ان کے ضلعوں کے بارے میں کوئی پوچھا گیا کہ آپ کے ضلع میں کیا مسئلہ ہے، آپ کے حلقے میں کیا مسائل ہیں؟ No, never، ایسا محکمہ جو پیسہ مانگتا ہے، میرے خیال میں یہ بہت ہی غریب، معصوم اور بڑے مظلوم لوگوں کا صوبہ ہے، ان کے پیسے ایسے ہواؤں میں اڑانے کے لئے اور ان کی عیاشیوں پر اڑانے کے لئے نہیں ہیں۔ جناب سپیکر، ان سے سب سے پہلا میرا مطالبہ یہ ہے کہ گزشتہ جو انہوں نے فنڈز لے تھے، ان کی پلاننگ تھی، اس پر یہ بریفنگ دیں اور بتائیں اگر وزیر خزانہ صاحب اس کو Represent کر رہے ہیں تو یہ بتانا پسند کریں گے کہ جو انہوں نے پچھلے سال بجٹ پیش کیا تھا، انہوں نے پروگرام دیا تھا، اس پر کتنا عمل ہوا، کہاں پر ہوا، اس میں کیا ہوا؟ اور اس ہاؤس میں میں سمجھتا ہوں کہ صرف میں نہیں بیٹھا ہوا ہر ممبر، چاہے وہ ٹریژری بنچز کا ہو، چاہے وہ اپوزیشن بنچز کا ہو، وہ عوام کا ووٹ لیکر یہاں پر Public representation کے لئے آتا ہے، ان کی تجاویز کیوں نہیں لی جاتی ہیں؟ کیا آپ یہ سمجھ رہے ہیں کہ یہ محکمہ صرف آپ کا ہے؟ آج آپ صاف الفاظ میں کہہ دیں کہ یہ عوام کا نہیں ہے، کیا ہم یہاں پر عوام کے Representatives نہیں ہیں؟ اگر نہیں تو ٹھیک ہے پھر ہم سوال نہیں کریں گے، پھر ہم آپ سے

نہیں پوچھیں گے۔ جناب سپیکر، اگر یہ خیبر پختونخوا کے وسائل کی بات ہے، ان کے مسائل کی بات ہے تو آپ کو ہم سے پوچھنا ہوگا، ہماری رائے آپ کو لینا ہوگی، اس کے بغیر یہاں پر یہ کھڑے ہو کر ہمیں جواب دے دیتے ہیں، Personal explanation ہمیں دینا پڑتی ہے لیکن آپ اس کا ہمیں موقع نہیں دیتے، یہ کھڑے ہو کر امپورٹڈ حکومت کا طعنہ تو دے دیتے ہیں لیکن کیا ان میں پھر سننے کی گنجائش ہوتی ہے کہ یہ سنیں کہ خود سیلکٹڈ وزیر خزانہ ہیں، کیا ان کو پھر یہ برداشت ہے کہ ہم ان کو بولیں کہ آپ نے اس صوبے کو، اس صوبے کے وسائل کو ہیلی کاپٹر کے دھوئیں میں اڑا دیا، آپ نے اس صوبے کے وسائل کو چرسی کے تکوں پر اڑا دیا، آپ نے اس صوبے کے وسائل کو SMEs میں تحریک انصاف کے سوشل میڈیا پر اڑا دیا، کیا اس صوبے کے وسائل نوشیروان برکی کی ان عیاشوں کے لئے جو لیپ ٹاپ پر بیٹھ کر اس پورے صوبے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ پی اینڈ ڈی پر بات کریں۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: پی اینڈ ڈی ہی کی بات کر رہا ہوں، وہ وہاں سے بیٹھ کر میرے ہیلتھ نظام کی پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کرتا ہے۔ جناب سپیکر، جو ہمارے ایجوکیشن منسٹر ہیں، انہوں نے ستر (70) سکولوں کو بنانا تھا ۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دیکھیں، ایک منٹ، ایجوکیشن الگ محکمہ ہے اور پی اینڈ ڈی الگ محکمہ ہے، آپ ایجوکیشن پر دوبارہ بات کریں گے، اب آپ پی اینڈ ڈی پر بات کریں۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: جناب سپیکر، Let me cut it short، پی اینڈ ڈی کی کارروائی اور ان کی کارگزاری Nil ہی نہیں بلکہ Minus ہے، ان کی جو بھی پالیسی ہے اس کو Review کرنا ہوگی اور اگر وہ اس میں ہمارا Input نہیں لیں گے تو ہم ان کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کریں گے۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ جناب احمد کنڈی صاحب۔

<u>جناب احمد کنڈی</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، ہمیشہ جب بھی ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی اچھی چیز ہوتی ہے تو ہمیشہ وہ Eighteenth amendment کی طرف ہی اس کا اشارہ جاتا ہے، نیشنل پلاننگ اور نیشنل اکنامک کوآرڈی نیشن Federal Legislative List Part 2 کا حصہ بنیں، 2010ء کے بعد جب Eighteenth amendment Approve ہوئی اور آج بھی آپ دیکھ لیں، Federal Legislative List Part 2 میں Entry No. 7 کے اوپر نیشنل پلاننگ پڑی ہوئی ہے اور

That is under jurisdiction of the وہ ہےFederal Legislative List Part 2 Common Council of the Common اور وہCouncil of Common Interest Interest میں ہمارے وزیراعلیٰ صاحب ممبر ہیں، بڑاImportant forum ہے جناب سپیکر، اس میں میری گزارش یہ ہے کہ ہم نے جتنی بھی سی سی آئی کی میٹنگزAttend کی ہیں، کیاہماری اس صوبائی گورنمنٹ کے پاسBeing member of the CCI National Planning جو پورے ملک میں ہو رہی ہے، مختلف صوبے اس کے حوالے سے کر رہے ہیں، انہوں نے اب تک کیا پوچھا ہے اور کیا انہوں نے وہاں پر ان سے اکٹھا کیا ہے؟ چونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے Federating units کے ساتھ بے تحاشاResources کے حوالے سے زیادتی ہو رہی ہے جس میں پلاننگ کا بڑا Important role ہے، یہ سی سی آئی کے نیچے آتے ہے۔ابھی جس طرح وزیراعلیٰ صاحب نے ایک فاصلہ رکھا ہوا ہے، ہم یہ کہتے ہیں کہ یہEconomic forums جو ہیں، چاہے سی سی آئی ہے، چاہے وہ نیشنل اکنامک کونسل ہے یا اس طرح جتنے بھی Constitutional forums ہیں، اگر ہمارا چیف ایگزیکٹیو اس کو Avail نہیں کرے گا جناب سپیکر، نقصان کس کو ہوگا؟ صوبے کو ہوگا، آج اگر نیشنل پلاننگ میں ہم جاکر Represent نہیں کریں گے اور Eighteenth amendment کے بعد اس فورم کے Constitutional obligationsہیں،Within ninety daysآپ اس کی میٹنگ کریں گے بلکہ چیف منسٹر کو 2010ء میں اختیار دیا گیا ہے، میں ان جمہوری جماعتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے 2010ء کے بعد یہ Structural reforms کیں اور صوبوں کو Provincial autonomyکا تحفہ دیا،Financial autonomyکا تحفہ دیا۔جناب سپیکر، ہماری گزارش صرف یہی ہے کہ نیشنل پلاننگ سی سی آئی کے Underآتی ہے، ہمارا ممبر اگر فاصلہ رکھے گا یا چیف ایگزیکٹیو نہیں جائے گا تو اس صوبے کو نقصان ہوگا، اس پاکستان کی جتنی بھی پلاننگز ہو رہی ہیں اس کے بارے میں باخبر نہیں ہوں گے اور ہم جاننا چاہتے ہیں، انہوں نے ابھی تک جتنی بھی سی سی آئی کی میٹنگزAttend کی ہیں، کیا انہوں نے یہ گوارا سمجھا ہے کہ ملک میں جو Resources تقسیم ہو رہے ہیں، انہوں نے اس حوالے سے کس فورم پر بات کی؟ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ مسز بصیرت خان صاحبہ۔

محترمہ بصیرت خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، اگر ہم پلاننگ اینڈڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی بات کریں تو یہ از خود بہت ہی ایک اہم محکمہ ہے، اس کی اپنی ایک اہمیت ہے لیکن دوسری طرف اگر ہم دیکھ لیں تو اس کو ایسے کام کرنے چاہئیں کہ جہاں Need basis ہوں، جہاں پر ضرورت ہو وہاں پر ان کو زیادہ فوکس کرنا چاہیئے۔ چونکہ میرا زیادہ تر فوکس Merged districts پر ہوگا، Merged districts میں اگر ہم دیکھ لیں تو جہاں پر وہ ایک Militancy کے دور سے گزرے ہوئے ہیں، جہاں پر Need basis پر سکولوں کی ضرورت ہے، نئے ہاسپیٹلز کی ضرورت ہے، ان پر فوکس کرنا چاہیئے لیکن بدقسمتی سے یہاں پر اگر آپ ٹریژری بنچز سے نہیں ہیں اور آپ اس حلقے سے بھی ہیں، اس حلقے کو توجہ نہیں دی جاتی۔ جس طرح میرے باقی Colleague نے وہ بات کی، ان چار سالوں میں ہم سے کبھی بھی رابطہ نہیں کیا گیا کہ بھائی اگر آپ اس علاقے سے ہیں، جو Need basis پر کام ہے، Basically جو لوگ وہاں سے ہیں جن حلقوں سے، اگر ان سے پوچھا جائے اور اس لیول پر کیونکہ ان کو بہتر پتہ ہوتا ہے، اگر اس طرح سے ہو جائے تو وہاں پر کام اچھے طریقے سے ہو گا لیکن ہمیں ابھی تک پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے کوئی لیٹر نہیں آیا۔ جناب سپیکر، بدقسمتی سے جتنے بھی پراجیکٹس وہاں پر چل رہے ہیں، یا تو Favoritism پر ہیں، اگر آپ اس حلقے سے ہیں یا آپ ٹریژری بنچز سے ہیں تو معذرت سے میں یہ کہوں گی اور وہی حقیقت کی باتیں ابھی ہم نے کرنے ہوں گی، ان سے پوچھا جاتا ہے کہ Merged districts میں ایسے سکولز اور ایسے ہاسپیٹلز بھی بنے ہیں جہاں پر ان کی ضرورت ہی نہیں ہے لیکن اگر ایک بندے کو خوش کرنا ہے، اس کے لئے وہاں پر سکول یا ہاسپیٹل بنایا گیا ہے، میرے خیال سے اس محکمے کو نیوٹرل رہنا چاہیئے کیونکہ یہ صوبہ سب کا ہے، اس ہاؤس میں ہم سب برابر ہیں، اگر اپوزیشن ہے یا ٹریژری ہے، سب کو ایک نظر سے دیکھنا چاہیئے تو محکمہ کو اس چیز کو Mind میں رکھ کر Further planning کرنی چاہیئے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک بادشاہ صالح صاحب۔

ملک بادشاہ صالح: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، دا یو اهم ډیپارټمنټ دے چې هغه د وسائلو تقسیم هم کوی، د ضلعو او د پسمانده علاقو اے ډی پی بک چې مونږ راواخلو نو مونږ ګورو چې ډیرا ډیر په هغې کښې نوی سیکمونه شاملیږی، او کوم چې سابقه یا د نورو حکومتونو یا د دوئ د حکومت وی یا پروسږکالنی دغه پاتې کیږی، کوم Ongoing projects چې دی، هغې له پکښې دغه ترجیح نه ورکړے کیږی او زه به د یو روډ مثال درکوم چې هغه د

سیرئی نه تر تل کمراټ پورې دے ، دا په 2011ء کښې ټینډر شوے دے ، په هغې باندې خو څه کار شوے دے ، نور لا پاتې دے ، هغه چې ما په اے ډی پی کښې اوکتلو نو هغې د پاره یو کروړ روپئی دی خو په هغې باندې هغه کار نه شی مکمل کیدے۔ جناب سپیکر، یو روډ ډوډ باټ نه تر شرینګل پورې دے چې په تیر شوی کال 2016ء کښې د هغې ټینډر شوے دے ، د هغې د پاره په اے ډی پی کښې دوه کروړه روپئی دی، نو زه دوئ ته درخواست کوم چې یره دا خو د قوم هغه وسائل ضائع کول دی، دا څومره چې هغه سابقه مونږ پریږدو ، ریټونه ګرانیږی، شیډول ریټونه تبدلیږی او هغه پیسې چې دی هغه په ځائې باندې نه لګی، هغه سکیمونه پاتې کیږی، مونږ نوی شاملاوؤ او هغه هم نه مکمل کیږی، سابقه هم پاتې کیږی او هغه سلسله داسې روانه ده۔ مونږه دغه درخواست کوؤ چې په دې باندې سوچ اوکړئ، تاسو نور سکمیونه هله شامل کړئ چې تاسو سره وسائل وی، تاسو سره وسائل نه وی او د هغې نه بغیر که مونږه هسې لیکل کوؤ او پیسې لیکو او په مینځ کښې څه نه وی نودا د قوم سره هم ښه خبره نه ده، نو دا مونږ له بحیثیت قوم د مستقبل د پاره د تباهئ یو سبب دے۔ ډیره مهربانی جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب بہادر خان صاحب۔

<u>جناب بہادر خان</u>: شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ یقیناً چې دا یو ډیره اهم محکمه ده، د دې کار د قانون مطابق پلاننګ کول دی خو دا چې اوس کوم ریلیزز کوی یا څه کوی، دا د قانون او د رولز مطابق نه دی۔ جناب سپیکر، د رولز او د قانون مطابق دا وی چې په کومه ضلع کښې سپیلیمنټری بجټ ورکوی نو هغه باقاعده ډسټرکټ ته اولیږی او ډسټرکټ هلته کښې د سکیمونو په حساب باندې تقسیم کار کوی، هغه باقاعده په DDAC کښې کیږی، نه تر اوسه پورې په دې څلورو کالو کښې په دیر پائین کښې د DDAC میټنګ اوشو او نه ئے هلته کښې د پی اینډ ډی په هغه طریقه څه اولیږل، کوم چې په میرټ راځی او پکار وی، دا چې دا By name یا د چا په نوم یا چې څوک ورته اوښائی نو هغې له ئے لیږی، که هغې کښې هغه زاړه سکیمونه دی نو هغه هم تباه وبرباد شو او دا قومی پیسې تباه وبرباد شوې۔ زمونږه د 18-2017ء او د 03-2002ء پورې یو سکیم دے چې هغې له ئے تر اوسه پورې شل ملین روپئی ورکړې دی، نورې ئے نه دی ورکړې، هغه

شته کار ئے هم خراب شو او برباد شو، اوس داسې سکیمونه دی چې په هغې کښې Twelve hundred million cost دے، په هغې کښې صرف بیس ملین او دس ملین روپئی ایږدی، دا د میرټ مطابق نه دی۔ جناب سپیکر، پکار دا ده چې زاړه سکیمونو له دوئ باقاعده ترجیح ورکړی، زاړه سکیمونه سر ته اورسوی، په هغې کښې څومره هم پکار وی نو هم په هغه تعداد باندې دې هغې له پیسې کیږدی او پیسې ورکړی۔ داسې به نه کوی چې یره د دې ځائې نه به په تش خط باندې د اے ډی پی سکیم له پیسې کوی او داسې ئے منظوروی او هم داسې پیسې ځی، په سوؤنو ملین ځی، هغه بیا د پلاننګ مطابق نه لګی، هغه بغیر پلاننګ نه لګی، دا د ضلعې، دا د دې صوبې او دا د دې قوم پیسې ضائع کیږی۔ جناب سپیکر، مهربانی اوکړئ، دا د خپل طریقه کار، آئینی او قانونی کوم رولز چې دی، پکار ده چې په هغې باندې خپل دغه ریلیزز کوی او په هغې باندې خپل پلاننګ جوړوی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: پلاننگ و منصوبہ بندی کا محکمہ بڑا اہم ہے، اس میں ایک منصوبہ بندی حال کی ہوتی ہے اور ایک مستقبل کی منصوبہ بندی ہوتی ہے، پورے صوبے کی ترقی کا دارومدار وہ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ پر ہوتا ہے۔ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ میں اگر منصوبہ بندی صحیح ہو تو وہاں پر وہ ضلع و صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے اور جہاں پر منصوبہ بندی غلط ہو، غلط فیصلے ہوں، میگا پراجیکٹ کی اہمیت نہ ہو تو وہاں پر پھر وہ ضلع اور صوبہ زوال پذیر ہو جاتا ہے۔ ہمارے پانچ سال پرویز خٹک صاحب کی حکومت میں اور ابھی چار سال موجودہ پی ٹی آئی کی حکومت جس کا سربراہ محمود خان ہے، اس میں پلاننگ ڈیپارٹمنٹ کی کوئی منصوبہ بندی نہیں ہے کہ جس پر ہم بات کریں۔ منصوبہ بندی کس چیز کو کہتے ہیں؟ چار سالوں کا ریکارڈ اور پانچ سالوں کا ریکارڈ میرے پاس ہے، میں نے بجٹ تقریر میں بات کی کہ ستاسی (87) ارب سے اس صوبے کا قرضہ گیا تین کھرب چالیس ارب تک، پانچ سال پرویز خٹک صاحب کی حکومت میں میگا پراجیکٹ جس پر ہمارے بڑے تماشے ہوئے، وہ تھا بی آر ٹی، اس وقت کے پلاننگ سیکرٹری جو آج ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہیں، اس بی آر ٹی کی کوئی ڈیزائن کمپلیٹ نہیں تھی، یہ پہلا منصوبہ ہے جو بغیر ڈیزائن کے اس پر کام شروع ہوا اور جب کام شروع ہوا تو مختلف اوقات میں اس کی ڈیزائن میں میرے خیال میں پچاس دفعہ تبدیلی کی گئی ہے، ریکارڈ پر ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ منصوبہ جو چھ مہینے کے Estimate پر تھا وہ بغیر ڈیزائن کے ہوتے

ہوئے تقریباً سالوں میں چلا گیا، سالوں میں بھی جب کمپلیٹ ہوا تو ابھی بھی مکمل کمپلیٹ نہیں ہے۔ ابھی جب اتنا بڑا قرضہ آپ لیتے ہیں، تین کھرب چالیس ارب کا تو کوئی ملک، کوئی صوبہ قرضہ نالیوں کے لئے نہیں لیتا ہے، وہ عام گاؤں کی سڑکوں کے لئے یا مختلف چھوٹے منصوبوں کے لئے نہیں ہوتا، وہ جو میگا پراجیکٹ کے لئے آپ قرضہ لیتے ہیں، اس کی بنیاد یہ ہوتی ہے کہ یہ منصوبہ جب آپ کمپلیٹ کریں گے تو وہ منافع دینا شروع کر دے گا، آپ نے قرضے کی واپسی کا جو ٹائم دیا ہے، Interest کا تو اس سے وہ Interest اتنا شروع ہو جائے گا کہ پھر وہ منصوبہ آپ پر بوجھ نہیں ہوگا، اس کی آمدن پھر آپ واپسی میں دیں گے سود پر یا Interest پر، بی آر ٹی کا جو محکمہ ہے اس کو ابھی بھی ہم سبسڈی دے رہے ہیں، وہ سبسڈی پر چل رہا ہے، اگر آج بھی حکومت سبسڈی روک دے تو یہ منصوبہ رک جائے گا۔ چونکہ وہ اپنے اخراجات کو پورا نہیں کر رہا ہے، جب ایک منصوبہ آپ بنائیں گے، اس کے اخراجات پورے نہیں ہو رہے تو وہ کیا ہو گا؟ سود در سود ہو گا، خاص کر ایک ایریا سے دوسرے ایریا کے لئے چھپن (56) یا چھیاسٹھ (66) ارب روپے کی منصوبہ بندی وہ اس پورے صوبے کے غریب عوام جو ہمارے بچے ہیں، جب یہ قرضہ اب واپس ہو گا تو اس پر ایک بہت بڑا بوجھ ہو گا۔ دوسرا، جو چودہ (14) ارب روپے کا Loan لیا تھا، اس سے بلین ٹریز کا منصوبہ شروع کیا تھا، بلین ٹریز بھی اگر آپ لگا دیں، وہ عوامی جگہوں پر لگا دیں، اس کا ایک فائدہ ہے کہ اس کا فائدہ عوام کو ملے گا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ضرورت ہے لیکن وہ منصوبہ جس کے لئے اس ہاؤس نے کمیشن تشکیل دیا تھا، بعد میں حکومت ہم سے بھاگ گئی، جب سائیٹوں پر ہم چلے گئے تو دس ہزار کنال میں دس درخت بھی نہیں تھے، چودہ ارب (14) روپے آپ لگا کر اور نہ وہاں پر عوام کو فائدہ دے اور نہ حکومت کو کوئی فائدہ دے۔ ابھی حال یہ ہے کہ سب کو پتہ ہے کہ ایک دو ہفتوں میں نیا نیب چیئرمین آنے والا ہے، جب نیا نیب چیئرمین غیر جانبدار ہو گا تو پھر وہ صرف حکومت پر ہاتھ نہیں ڈالے گا، وہ ہر جگہ کی کرپشن پر ہاتھ ڈالے گا، جب ہر جگہ کی کرپشن پر ہاتھ ڈالے گا تو وہ چیزیں ابھی نمایاں باہر آنا شروع ہو جائیں گی۔ بڑے ادب سے، میں نے پرسوں بھی حکومت کو سمجھانے اور بتانے کی کوشش کی ہے کہ اصلاح سب چیزوں کی ہو سکتی ہے لیکن ابھی بہتر (72) جگہوں پر اس صوبے کے وہ ایریاز جو ہمارے جنگلات ہیں جہاں پر زندگی میں کبھی آگ نہیں لگی ہے، اب ان جنگلات کو جلانا شروع کر دیا گیا ہے، اگر ہم اس میں کامیاب نہ ہوئے کہ ہم وہاں پر جنگلات لگا دیں لیکن جو جنگلات ہیں ان کو بھی ہم جلا دیں تو پھر اس ملک کا کیا حال ہو گا؟ جب میں موٹروے پر اسلام آباد سے پشاور آتا ہوں تو اس خوبصورت موٹروے پر یہاں سے اسلام آباد پر

چڑھائی کے وقت سب ایریاز کو آگ لگائی گئی ہے، سارے پودے جل گئے ہیں، پودوں نے کیا جرم کیا تھا؟ یہ تو اللہ کی ثناء ہر وقت بیان کرتے ہیں، ان کو جلانا اللہ سے آپ نے ایک لڑائی لڑی ہے کہ بلاوجہ جب آپ آتے ہیں تو وہاں انڈس ہائی وے، یہ موٹروے وہ پورا جل گیا ہے، یہ معصوم درختوں کا کیا قصور تھا؟ ابھی یہاں پر ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے بڑے دھوم دھام سے بات کی کہ ہم نے بڑا کمال کیا ہے کہ آج ہم نے چشمہ فرسٹ کینال منظور کی ہے۔ جناب سپیکر، میں اپنے وزیر خزانہ اور اپنے وزیر اعلیٰ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ آپ کا چوتھا سال ہے، جب آپ کا اپنا وزیر اعظم تھا، آپ خود وزیر اعلیٰ تھے، آپ خود وزیر خزانہ تھے، ان پانچ سالوں میں، یہ تو صوبے کی شہ رگ ہے، چشمہ فرسٹ کینال، اگر یہ بن جائے تو یہ صوبہ مالا مال ہو جائے گا، اجناس میں خود کفیل ہو گا، ہم آٹے کے لئے پنجاب کو نہیں ترسیں گے، وہاں سے ہمیں آٹا اور چاول آرہا ہے، بلکہ آپ آٹا اور چاول افغانستان کو دینے کے قابل ہوں گے، آپ نے ان تین چار سالوں میں بالکل آپ کو یاد بھی نہیں تھا، یہ تو میرے قائد مولانا فضل الرحمان صاحب کا کمال ہے کہ انہوں نے ایک مہینے میں سنگ بنیاد ڈال کر اور ان شاء اللہ وہ وہاں پر بنے گا، آپ کا تو اس میں صرف پینتیس (35) فیصد ہے، آپ کا تو اس میں صرف پینتیس (35) فیصد شیئر ہے، پینسٹھ (65) فیصد تو وہاں پر ہم وزیر اعظم سے لے رہے ہیں۔ جناب سپیکر، کاش اگر آپ لوگ پہلے ان چیزوں کو وقعت دیتے، آج آپ کو یہ شرمندگی نصیب نہ ہوتی۔ ابھی پلاننگ پر آتے ہیں، میں نے پہلی اے ڈی پی دیکھی جو ہمارے ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے بنائی ہے، شیر اعظم صاحب یہاں سے چلے گئے، سارے ممبران ہوں گے، میں نے اپنا حلقہ بھی دیکھا، مجھ سے تو منصوبہ بندی میں کسی نے بات نہیں کی ہے لیکن میرے حلقے میں By name ایک آدمی کے نام پر سکیمز دی گئی ہیں، سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ کسی ممبر کو اسی بنیاد پر فنڈ نہیں دیں گے، آپ کسی ایک اہم شخص کے نام پر کیوں دے سکتے ہیں؟ ہر جگہ کے سولر ٹیوب ویل ایک آدمی کے نام کے ساتھ وابستہ ہیں، ہر جگہ ایک روڈ ایک آدمی کے نام کے ساتھ وابستہ ہے، یہ پلاننگ ہے یا رشوت ہے؟ میں Prove کروں گا، میرے پاس ثبوت ہے، ان شاء اللہ وقت آنے والا ہے، اس میں میں خود گواہی بھی دوں گا اور Reason بھی دوں گا کہ وہاں پر پرائمری سکول بھی بیچے گئے ہیں، وہ آدمی خود کہے گا کہ جس نے خریدے ہیں وہ شاید ہمارے دوست ہوں، وہ آدمی خود کہے گا، مڈل سکول بھی اور روڈ کا بھی، میں وہ بندہ ٹھیکیدار پیدا کر کے ہم نے سودا کیا ہے، اگر صوبے کی منصوبہ بندی اس بنیاد پر ہو، پہلے تو اس شخص نے ایڈمنسٹریشن تباہ کی، ہمارے بڑے قابل قدر چیف سیکرٹری کاظم نیاز صاحب بیٹھے تھے لیکن اس کا اختیار

نہیں تھا کہ ڈپٹی کمشنر اور کمشنر لگا دے، اس کے لئے تین بندوں کی کمیٹی تھی اور نام اسلام آباد سے دیئے جاتے تھے، اس کو کرو اور اس کو نہ کرو، اس کو لے جاؤ اس کو نہ لاؤ، ہمارا وزیر اعلیٰ بھی عاجز اور بے بس ہے۔ جناب سپیکر، ابھی آتے ہیں منصوبہ بندی پر، یہاں پر میں نے وزیر خزانہ سے درخواست کی کہ اساتذہ اس ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، وزیر خزانہ! آپ آئے ہیں، ایک استاد نے آپ کو تعلیم دی ہے، میں آیا ہوں، ایک استاد نے مجھے پڑھایا ہے، یہاں پر میرے وزراء بیٹھے ہیں، ایک استاد نے ان کو پڑھایا ہے، اس کے قابل بنایا ہے، استاد ایک سرمایہ ہے کہ اس کی پنشن اس کے گھر کا خرچہ کرتی ہے، آپ نے اس پنشن کو بھی ختم کیا، پانچ سال پہلے جب اس کی تقرری ہوئی تو وہ تقرری آپ نے یکم جولائی سے دینی تھی، جب وہ شریف لوگ، وہ عاجز لوگ جب وہ بپھر گئے اور بنی گالہ کا گھیراؤ کیا تو یہاں پر میرا وزیر اعلیٰ صاحب ان کو منظوری نہیں دیتا ہے، پھر وہاں مراد سعید صاحب اس صوبے کا فیصلہ کرتا ہے کہ آپ یہاں پر یہ کر لیں، پھر دوسرے دن اس پر میرا وزیر اعلیٰ دستخط کرتا ہے، اس صوبے میں یہ کیا ہے؟ جمہوریت کے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے؟ کوئی منصوبہ بندی ہوتی ہے۔ جناب سپیکر، اس حکومت نے الیکشن کیا اور جب الیکشن ہوا تو میئر بنے، تحصیل ناظم بنے، چیئرمین ویلیج کونسل بنے، جب پی ٹی آئی نے شکست کھائی تو ان کے اختیارات کو اسی معزز ممبران نے، مجھے تو شرم آتی ہے کہ وہ آپ کے بازو ہیں، میئر جب آئے گا تو آپ سے بوجھ کم ہو گا لیکن اس ایوان کے ممبران نے بیوروکریسی کی وجہ سے اس میئر کے اوپر ایک اسسٹنٹ کمشنر کو سربراہ بنایا، پچاس اور ساٹھ اور ایک لاکھ کے ووٹ کے آدمی کو اس کے نیچے بٹھا دیا، کیا یہ جمہوریت ہے، کیا یہ منصوبہ بندی ہے؟ جناب سپیکر، خدا وقت بدلتا ہے اور پھر آپ کے جو ناظم ہیں، آپ کے جو میئر ہیں، یہ کون سی جمہورت ہے کہ آپ چار یونین کونسل میں اپنے میئر کو تیس کروڑ اور پچاس کروڑ دیتے ہیں اور جو اے این پی کے ہیں، جو جمیعت العلماء اسلام کے ہیں، جو مسلم لیگ نون کے ہیں، جو پیپلز پارٹی کے ہیں، ان کے لئے ابھی چائے کے لئے پیسے نہیں ہیں کہ اپنے دفتر میں وہ کسی مہمان کو چائے پلا دیں۔ کیا اسی طرح سے ملک چلتے ہیں، اسی طرح صوبہ چلتا ہے؟ خدارا یہ بیوروکریسی ہر وقت ہر ایک آدمی کی تابع دار ہوتی ہے، اس کے ساتھ تالیاں بجاتی ہے، جب کوئی بھی اس کرسی پر ہوتا ہے، آپ اپنے ایک بھائی کو، اپنے ایک بھتیجے کو اور اپنے ایک بیٹے کی اتھارٹی کو اس کے نیچے کرتے ہیں اور پھر وہ چھوٹا سالڑکا جو ہمارے رواج سے واقف بھی نہیں ہوتا ہے، ادھر اس کی آستین ہوتی ہیں، نیچے اس کا پتلون ہوتا ہے، بہادر خان اس کے نیچے پھر روتا ہے، خدارا اس صوبے کی روایات کو پامال نہ کریں۔ ہم نے تو وقت گزارا ہے، کتنے دن باقی ہیں، ایک بات میں آپ سے

کہتا ہوں کہ خدارااپنے سیاسی لوگوں کی تذلیل نہ کریں، جب سیاسی لوگوں کی تذلیل ہوتی ہے تو وہاں پر جو بیوروکریٹس ہیں وہ سر پر بیٹھتے ہیں اور جب آپ فون کرتے ہیں تو اس نے Red light لگائی ہوتی ہے کہ وہ میٹنگ میں ہے، آپ فون کرتے ہیں اور وہ میٹنگ میں ہے۔ جناب سپیکر، میں جب چیف منسٹر تھا تو یہاں پر اعجاز قریشی چیف سیکرٹری بیٹھا ہوتا تھا، میں جب چیف منسٹر تھا تو رفعت پاشا آئی جی بیٹھا ہوتا تھا، آج انسپکٹر لیول کا اور ڈپٹی سیکرٹری لیول کا آدمی بھی ادھر نہیں آتا، یہاں پر میری یہ منصوبہ بندی ہے کہ میرے ایم پی اے کو پولیس والا اپنی بیوی کے سامنے تھپڑ لگادے، یہ منصوبہ بندی ہے، کیا یہ ہم اپنے باوقار لوگوں کو عزت دیتے ہیں؟ یہ صرف میرے دل کی باتیں ہیں، اس عمر میں اگر میں اس کا اظہار نہ کروں تو میرے خیال میں یہ میری خیانت ہوگی، میں آج بھی سدھارنے کی بات کرتا ہوں، آپ نے اس اپوزیشن کو ایک روپیہ بھی نہیں دیا ہے لیکن دیکھو، یہ آپ اس کے ساتھ نہیں کر رہے ہیں، یہ آپ اس حلقے کے عوام کے ساتھ کر رہے ہیں اور وہ لوگ بھی اس ملک کے ہیں، اس حلقے کے لوگ بھی یہاں کے بسنے والے ہیں، وہ بھی آپ کو ٹیکس دیتے ہیں، اب آپ پشاور میں صرف ایک روڈ پر چھیاسٹھ (66) ارب روپے لگا رہے ہیں لیکن اس کی وصولی تو مجھ سے بھی ہوگی، میرے دیر سے بھی ہوگی، میری دوسری جگہوں سے بھی ہوگی، کوہستان کے جو غریب ہیں، ان سے بھی ہوگی۔ ان باتوں کے ساتھ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا لیکن منصوبہ بندی ہے ہی نہیں، اس لئے آج ہم اپوزیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ جتنی بھی کٹ موشنز آئیں گی، ان کو ہم واپس نہیں لیں گے، اگر ہم واپس کریں گے تو ہم آپ کے ساتھ اس میں برابر کے شریک ہوں گے۔ ابھی سب اپوزیشن نے فیصلہ کیا ہے کہ آپ جتنے دن کرتے ہیں، آپ دو دن کرتے ہیں، ایک دن کرتے ہیں، آپ اس کو Bulldoze کرتے ہیں لیکن ہم تاریخ میں دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ اس غلط کام میں ہم آپ کے ساتھ شریک نہیں ہیں۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> صلاح الدین صاحب۔

<u>Mr. Salahuddin:</u> Thank you, Mr. Speaker. Planning & Development and Bureau of Statistics are very important departments, but if they work and I question their performance, may I ask through you, that being elected representative of my constituency, did anybody work in that department or the Minister himself representing that department? Did they ever bother to contact me or consult me regarding any planning? What is their planning, what do they plan and how would they come to know about the dynamics of my constituency? How would they come to

know? What do I have and what are the dynamics of Azakhel? Did they ever know the name even; let me be in Urdu or in Pushto, even for understanding of the people of my constituency.

ان کو کیا پتہ، کیا انہوں نے اضاخیل کا نام بھی سنا ہے؟ کیا ان کو PK-70 اور 71 کے Dynamics کا پتہ ہے؟ وہاں اضاخیل میں آج بھی لوگ Donkey cart کے ذریعے، Bullock carts کے ذریعے، گدھا گاڑیوں کے ذریعے پانی لاتے ہیں، کیا ان کے آفیسرز، ان کی بیوروکریسی وہ کبھی اگر ائیر کنڈیشنڈ رومز سے ان کو فرصت ملے اور باہر نکلیں جو کہ کبھی ہم نے دیکھا نہیں ہے، ان کو معلوم ہو جائے گا لیکن اگر یہ نکلیں گے تو معلوم ہو گا، ان کو کیا پتہ کہ وہاں پر پانی نہیں ہے، ان کو کیا معلوم کہ سلیمان خیل ایک یونین کونسل ہے، اس کی چالیس ہزار آبادی ہے، ان کے لئے کوئی ڈاکٹر نہیں ہے، ہمارے منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ سب سے زیادہ بجٹ ہم نے ہیلتھ کے لئے Allocate کیا ہے اور جب سے آئے ہیں، 2019 onward تو ہیلتھ ایمرجنسی ہے، ہیلتھ ایمرجنسی میں وہاں پر ڈاکٹرز نہیں ہیں، وہاں پر صرف ایک سول ڈسپنسری ہے، وہاں پر کوئی بی ایچ یو نہیں ہے، ان کو کیا پتہ، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ میں کسی کو معلوم ہے؟ جناب سپیکر، ان کو کیا پتہ کہ وہاں پر بوائز کے لئے کوئی ہائی سکول نہیں ہے؟ پوری یونین کونسل میں بوائز کے لئے کوئی سکول نہیں ہے، کیا ان کو معلوم ہے کہ PK-70 اور 71 میں گرلز کے لئے کوئی ڈگری کالج ہے؟ اور اگر آپ فاصلے کو Compare کریں تو یہ فاصلہ جو Nearest college for girls, that is thirty five kilometers away, in the way the roads we have, the links that we have، جناب سپیکر، ان کو کیا پتہ؟ ساتھ ساتھ میں ان سے یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا پی سی ون اور پی سی فور، تو پی سی ون کے بعد پھر آخر میں Post PC-4, Post Evaluation Report ہوتی ہے، کیا یہ Post Evaluation Report provide کر سکتے ہیں؟ میں ان سے زیادہ نہیں، میں بی آر ٹی کے بارے میں پوچھوں گا، اس میں ان کی کیا پرفارمنس کہ جس مقصد کے لئے یہ اتنا پیسہ صرف ہوا، میں ضائع نہیں کہوں گا، اس غریب صوبے کا صرف ہوا، کیا وہ مقصد حاصل ہو رہا ہے؟ میں ان سے Post Evaluation Report مانگوں گا، کیا وہ یہ Provide کر سکتے ہیں، انہوں نے کبھی اس پر سوچا بھی ہے؟ سر، انرجی کے کئی پراجیکٹس شروع ہوئے، کیا ان کے لئے پی سی فور، پی سی ون اور پی سی فور کے Difference، اس میں انہوں نے کبھی کوئی Comparison بھی کی ہے؟ اگر اسی طرح وہ ہمارے ساتھ Consult کر کے پلاننگ کرتے اور Despite the fact that I myself had been, they never contacted me, I myself had been to their offices

Being elected یہ اگر مجھے نہیں سنیں گے many times but of no use at all. representative of the area تو ان کو کیسے پتہ چلے گا؟ نہ خود جانتے ہیں نہ ہم سے جاننے کی کوشش کرتے ہیں، تو ان کی پلاننگ کیا ہو گی؟ ان کی Statistics کیا ہو گی؟ Obviously غلط ہی ہو گی، اس کو ذرا سیریس لینا چاہیئے، And that's why, I presented this a million rupees cut. Thank you, Mr. Speaker.

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Ms. Shahida Waheed Sahiba.

محترمہ شاہدہ: شکریه جناب سپیکر صاحب، که زه دا خبره اوکړم چې کوم تیر شوی حکومتونه دی، په هغې کښې به د پلاننګ د محکمې دا کار وو چې د بجټ پاس کیدونه مخکښې به دوئ د ټولو ممبرانو نه ترقیاتی سکیمونه واغستل او بیا به ئے په اے ډی پی کښې شامل کړل خو اوس کار دا دے چې بالکل دې محکمې خپل کار پریښودلے دے او عوامو هم خپل کار پریښودے دے، لهذا د دې محکمې دا ډیر زیات ظلم دے، پخپله خو دوئ په 2400 CC ګاډو کښې ګرځی او هیڅ قسم کارکردګی ئے په دغه کښې نشته، نو د دوئ څه پلاننګ دے؟ زه دا عرض کوم چې دوئ دې مهربانی اوکړی او مونږ سره دې ظلم نه کوی، پکار ده، او اوس هم ټائم شته چې د دې ممبرانو چې کوم سکیمونه دی، هغه دې ټول منظور کړی او په دیکښې دې شامل کړی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب نثار احمد صاحب۔

جناب نثار احمد: شکریه جناب سپیکر صاحب، د پی اینډ ډی ډیپارټمنټ په حواله باندې به زه دومره اووایم چې په دې تیر وخت کښې چې زمونږه تقریباً دا دریم بجټ دے چې مونږ د Newly merged areas نه دې صوبائی اسمبلئ ته راغلی یو خو تر اوسه پورې زمونږ سره په دیکښې هیڅ مشاورت نه دے شوے چې یره زمونږ نه دا تپوس اوکړی چې ستا په حلقه کښې د کوم څیز ضرورت دے؟ او بیا د دې سره چې څومره دا د دوئ چې کوم پلاننګ راغلے دے، څومره سکیمونه دوئ ورکړی دی جناب سپیکر، زه په ثبوت سره ښودلې شم چې د Non elected خلقو په نومونو باندې دوئ زمونږ په حلقو کښې او زمونږ په ضلعو کښې هغه سکیمونه ورکړی دی نو آیا دوئ د دې وضاحت کولے شی چې دا زمونږ پی اینډ ډی ډیپارټمنټ صرف د یو خاص مخصوص پارټئ د پروموشن د پاره دغه

ډیپارنمنټ جوړ شوے دے او که د یو خاص پارټئی د پروموشن د پاره جوړ شوے وی نو بیا پکار ده چې د دې ډیپارټمنټ هیڅ ضرورت نشته چې هغه دې مزید مخکښې لاړ شی، هغه ته دې مونږ دا دغه ورکړو چې ته مونږ ته پلاننګ اوکړه. جناب سپیکر، پکار دا ده چې زمونږه صوبائی حکومت د دې د پاره چا سره کنټریکټ اوکړی او دې ډیپارټمنټ ته بالکل هیڅ ورنکړی او د بل چا سره کنټریکټ اوکړی، هغه به کم از کم انصاف اوکړی، هغه به د دغه متعلقه حلقو کار اوکړی. زه د دوئ د نا اهلئ یو بل ثبوت درکوم چې زما په پړانګ غار تحصیل کښې څلور کلومیټره روډ په اے ډی پی کښې وو، په هغې کښې ایک اعشاریه پانچ (1.5) کلومیټر روډ اوشو، اوس محکمې ته هم پته نشته او هغه روډ اوس په متعلقه اے ډی پی کښې هم نشته، په Ongoing projects کښې هم نشته نو هغه ئے ختم کړو، هغه ئے ډراپ کړو، محکمې ته پته نشته، محکمه وائی چې مونږ ته پته نشته، زه نه پوهیږم چې پی اینډ ډی ډیپارټمنټ باندې دا الهام د کوم ځائې نه راغلے دے، هلته هغه کار پورا دے او که پورا نه دے؟ زمونږ خو لا څه کوئ، مونږ خو د اپوزیشن ممبران یو، زمونږ پوښتنه خو نه کوی خو زه دا ډیر په افسوس سره وایم چې دعوې خو کوئ چې مونږ د انسانی حقوقو علم بردار هم یو خو په ایکس فاټا کښې د Minority یو دوه سکیمونه راغلی وو، په هغې باندې هم زمونږه پی اینډ ډی ډیپارټمنټ خپل تحفظات اولګول، هغه ئے ډراپ کړل، نو مهربانی اوکړئ که دا ډیپارټمنټ د یو مخصوص پارټئی د پروموشن د پاره نه وی نو بیا دې د ایکس فاټا او نور دا ټول د اپوزیشن ممبران په مشاورت کښې شامل کړی او دا ستاسو هسې هم اخری کال دے، هیڅ پته نه لګی چې څو ورځې به وی یا به نه وی چې بیا به تاسو په کوم ځائې کښې ناست یئی؟ کم از کم په خپله صوبه باندې دغه داغ یا په دې ډیپارټمنټ باندې دا داغ مه لګوئ، دا داغ ختم کړئ، اخره کښې انصاف اوکړئ، تاسو خو هسې هم د انصاف دعوې کوئ او دغه ستاسو انصاف دے چې دغه فنډونه تاسو صرف د Non elected خلقو په نومونو باندې ورکړی دی، مونږ سره ثبوتونه دی چې تاسو د Non elected خلقو په نومونو باندې فنډز ایشو کړی دی او هغه خلقو ته مو کارونه ورکړی دی، دا د دوئ کارکردګی ده. بله دا په اخره کښې زه ډیر په افسوس

سره وایم چې په مرکز کښې د هر چا حکومت دے خو که تاسو کښې خپل دومره اهلیت وی نو هلته به تاسو خپله مقدمه ایښودلې وه خو زه افسوس کوم چې تاسو هلته خپله مقدمه نه شئ اوړې او څکه ئے نه شئ اوړې چې تاسو تیر درې کاله، څلور کاله دې قوم سره کوم کهلواړ کړے دے، دې ملک سره تاسو هم څه کړی دی نو تاسو نن دا جرات نه شئ کولے چې په مرکز کښې کښینئ او د صوبې خپل حق اوغواړئ، دا هم که تاسو نه شئ تلې او نه څئ، د صوبې عوامو ته دا پته ده چې تاسو د دې اهل نه یئی، لهذا دا ډیپارټمنټ د دې اهل نه دے، دا ډیپارټمنټ ختمیدل پکار دی، دې ډیپارټمنټ نه هیڅ نه دی اغستل پکار، دا کار تاسو د این جی او نه هم اغستلے شئ خو د دوئ نه دا کار مه اخلئ څکه چې دوئ د یو مخصوص پارټئ پروموشن کوی۔ ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کونRespond کرے گا؟ تیمور جھگڑاصاحب۔

حافظ عصام الدین:جناب سپیکر، میرانام رہ گیاہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کاLapsed ہوگیاتھا، میں نے نام پکاراتھا،اس وقت آپ نہیں تھے۔

حافظ عصام الدین:جناب سپیکر، کس وقت؟ میرانام تو ابھی آرہاہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جس وقت ہم موشنMove کررہے تھے اس وقت آپ نہیں تھے،آپ بیٹھ جائیں، آپ کاLapse ہوگیاہے۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کا محکمہ واقعی بہت اہم ہوتا ہے اور جو ہمارے Members of Parliament ہوتے ہیں کیونکہ اے ڈی پی کی Book میں ہماری Interest بہت ہوتی ہے،اس ہاؤس میں جب بجٹ پر ڈسکشن ہوتی ہے یا جو سال کے دوران جو Efforts ہوتی ہیں، اس لحاظ سے بھی بہت اہم ہوتاہے، شاید میں End میں تھوڑی سی بات کروں،اس کے Future پر میں کچھ چیزیں ہیں، اس پر میں کوشش کروں گا کہ سب کے سوالات کے جوابات آ جائیں۔ پہلے تو خوشدل خان صاحب نے کہاکہ نیشنل اکنامک کونسل کی میٹنگ میں جو خیبر پختونخواکے دو ممبرز ہوتے ہیں،ان میں سے کوئی بھی نہیں گیا، یہ غلط بیانی ہے، میں اس کوCorrect کرنا چاہتا ہوں۔ چیف منسٹر صاحب نے مجھے بھیجا،APCC (Annual Plan Coordination Committee) جو ڈیویلپمنٹ بجٹ کوApprove کرتی ہے، نیشنل اکنامک کونسل جوکہ پھر اس سے اوپر کاادارہ ہے جس کو وہ

Overall جو فیڈرل بجٹ کے فگرز کو Approve کرتی ہے، پہلے والے میں میں نے قبائلی اضلاع کے ڈیویلپمنٹ بجٹ کی بات کی، دوسرے والے میں ہمارے اپوزیشن کے تمام دوستوں کی نمائندگی ہوتے ہوئے پورے قبائلی اضلاع کے بجٹ کی بات کی، صوبے کے حقوق کی بھی بات کی، پھر اس کے بعد مفتاح اسماعیل صاحب سے بھی ملا، ریکارڈ کی درستگی ضروری تھی، میرے خیال میں جیسے خوشدل خان صاحب نے کہا کہ ہمارا ان کے ساتھ پولیٹیکل اختلاف ہو کہ ہم کہیں کہ ہم اس گورنمنٹ کو نہیں مانتے، وہ احتجاج چیف منسٹر صاحب کے سامنے ریکارڈ کرانا ان کا حق بنتا ہے لیکن ہم صوبے کے اختیار پر Compromise نہیں کریں گے، وہ ابھی آپ کو میرے جواب میں پتہ چل جائے گا۔ جناب سپیکر، دوسری چیز، جو نثار گل صاحب نے کہا ہے کہ کسی نے میرے ڈسٹرکٹ کے بارے میں نہیں پوچھا، اس پر میں بعد میں آتا ہوں، کیونکہ تین چار لوگوں نے کہا۔ دوسرا، انہوں نے یہ ایک الزام لگایا کہ پی اینڈ ڈی میں فنڈز ریلیز میں کہیں نہ کہیں کوئی رشوت لی جاتی ہے، اکثر ہم سیاست دان یہ کہتے ہیں کہ جب ہم گورنمنٹ میں ہوتے ہیں تو ہم ہر چیز پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں، میں یہ کہوں گا کہ جہاں پر ہوا ہے وہ لے آئیں تاکہ ہم ایکشن لیں، جو بھی یہ الزام لگاتا ہے۔ جناب سپیکر، ہم یہ Claim نہیں کر سکتے کہ یہ ملک سو فیصد صاف ہو گیا ہے لیکن یہ ہم ضرور Claim کریں گے کہ نو سال پہلے سے بہت صاف ہوا ہے، اگر صاف کرنا ہے تو یہ اپوزیشن کو Open invitation ہے کہ جہاں پر کوئی غیر قانونی کام کرے، پیسے لے تو وہ آپ لے آئیں تاکہ ہم ایکشن لیں، بالکل وہ Spare نہیں ہو گا۔ جناب سپیکر، یہ جو بات ہے کہ اپوزیشن ایم پی ایز کو فنڈز نہیں مل رہے ہیں، پہلے تو میں دوبارہ سے کہتا ہوں کہ فنڈز عوام کے ہوتے ہیں، کچھ سکیمیں اپوزیشن ایم پی ایز کی مرضی سے ہوتی ہیں، بالکل ہے اور میں خود بھی بہت سے اپوزیشن ایم پی ایز سے ملا ہوں، Means کہ انہوں نے Propose کی ہوں، یہاں پر بیٹھے ہیں وہ Deny کر دیں، یہ بھی غلط بیانی ہے۔ یہ بھی ساتھ پوچھنا چاہیئے کہ باقی صوبوں کے بجٹ میں دیکھ لیں کہ انہوں نے اپوزیشن کے ایم پی ایز کی مشاورت سے کتنی فنڈنگ ڈال دی؟ Comparison لگا دیں، میں چیلنج کرتا ہوں کہ یہ دیکھ لیں، اگر یہ کسی طریقے سے لگانا ممکن ہو تو دیکھ لیں، وفاقی بجٹ میں بھی دیکھ لیں، بات تو ویسے Friendly Opposition ہے، وہ میچ فکسڈ ہے لیکن وہ اور بات ہے جناب سپیکر، اسمبلی میں یہ فی الحال وہ ایک Legitimate ہے نہیں، کیونکہ وہاں تھوڑا سا میچ فکسڈ ہے، وہ اپوزیشن اور گورنمنٹ ایک ہی چیز ہے، وہ ہم کچھ کہہ نہیں سکتے۔ جناب سپیکر، بہت سی چیزیں ہم ایسے کرتے ہیں کہ آپ اس پر اختلاف نہ کریں، ہم آپ اپوزیشن ایم پی ایز سے معذرت چاہتے

ہیں کہ ہم نے آپ سے پوچھا نہیں، جب ہم نے آپ کے ہر ووٹر کو صحت کارڈ دیا، ہم نے آپ سے پوچھا نہیں، جب ہم صوبے بھر میں سارے DHQs revamp کر رہے تھے، ہم نے آپ کے سب ضلعوں کو اس میں شامل کیا اور وہ سارے Parallel میں ہو رہے ہیں، جناب سپیکر، میں بہت سی مثالیں دے سکوں، کرک ہسپتال کی بات ہو رہی تھی، میاں نثار گل کا ہسپتال فیز ون میں تھا، اگر ہم نے ان کو نہیں دینا تھا اور ان کے ضلعے کو نظر انداز کرنا تھا تو کرک کو ہم نے کیوں فیز ون میں ڈالا تھا؟ ہماری حکومت میں تو کوئی کرک کا منسٹر نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ریحانہ اسماعیل صاحبہ نے پی اینڈ ڈی کی ریفارم کی بات کی، اس پر میں آتا ہوں، حمیرا خاتون نے یہ پوچھا کہ صوبے کے حقوق کے لئے آپ نے کیا کیا، آپ کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے یہ پوچھا کہ پی اینڈ ڈی نے کیا کیا، کیا پالیسیاں لائے ہیں، وہ کیا سروس کرتے ہیں، کیا پلاننگ کرتے ہیں؟ پلاننگ ہوتی ہے یا نہیں ہوتی؟ پہلی بار 2019ء میں ایک اے ڈی پی پالیسی لائی، مجھے خود پتہ ہے، مجھے چیف منسٹر صاحب نے ڈائریکٹ کیا تھا کہ پی اینڈ ڈی کے ساتھ اس پر کام کریں، پہلی بار Allocations کو وہ فارمولے سے نہیں کہ ہر ڈیپارٹمنٹ کو ہر سال پانچ پانچ فیصد زیادہ ہو اور پراجیکٹس کو بھی فارمولے سے نہیں، ہم نے کوشش کی کہ جو ضروری پراجیکٹس ہیں ان کو زیادہ فنڈ دیں اور وہ آپ دیکھ سکتے ہیں، اس لئے بیانوے (92) فیصد فنڈنگ Ongoing projects کو جا رہی ہے۔ جناب سپیکر، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کہیں پر نہیں ہوئی ہے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا قانون تبدیل کیا گیا ہے اور نئی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ لائی، ابھی ہم Confidence سے کہہ سکتے ہیں کہ وہی CRBC جس کی درانی صاحب نے بات کی اور ساتھیوں نے بھی بات کی کہ وہ پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت ہو سکتی ہے، ابھی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت پشاور ڈی آئی خان موٹروے بن سکتا ہے، دیر موٹروے بن سکتا ہے، رینگ روڈ بن سکتا ہے، پشاور میں ہاسپیٹل بن سکتا ہے، صوبے کا ایک روپیہ لگنے کے بغیر بن سکتا ہے، سوات موٹروے بن گیا ہے، رشکئی اکنامک زون بھی بن رہا ہے، آپ کے سامنے ہے۔ جناب سپیکر، یہ مثالیں ہیں، اگر پلاننگ اچھی نہ ہوتی تو قبائلی اضلاع کا سب سے بڑا Development portfolio اور AIP-1 اور AIP-2 ابھی نہ آتے، اگر پلاننگ اچھی نہ ہوتی تو اس دن میں باقی صوبوں کے فگرز دیکھ رہا تھا، ہمیں پنجاب اور سندھ سے زیادہ Foreign Development Assistance بھی نہ ملتی، اگر کرپشن بھی زیادہ ہوتی تو یہ جو ادارے ہیں، ورلڈ بینک، ایشین ڈیویلپمنٹ بینک، یہ آپ کے Track record کو دیکھ کر آپ کا فنانشل کنٹرول کتنا اچھا ہے، وہ دیکھ کر فنڈنگ دیتے ہیں۔ جناب سپیکر، خیبر

پختونخوا کو پورے پاکستان میں سب سے زیادہ پیسہ ملتا ہے اور وہ پیسہ آبادی کی نسبت سے نہیں ملتا، میں اختیار ولی صاحب کے سوالات پر آتا ہوں، انہوں نے کہا کہ آپ نے الیکشن میں وعدے کئے تھے، وہ وعدے آپ نے پورے نہیں کئے، میں دوبارہ کہتا ہوں، ہم نے کہا تھا کہ ہم صحت کے نظام میں ریفارمز کریں گے، کیا نوشہرہ میں بھی ہر ووٹر کے پاس صحت کارڈ نہیں؟ کیا اب پورے پختونخوا میں چار کروڑ لوگوں کے پاس صحت کارڈ نہیں؟ کیا اس سے کوئی بڑے وعدے کی تکمیل ہو سکتی ہے؟ جناب سپیکر، ہم نے بی آر ٹی کہا تھا، کیا بی آر ٹی میں ڈھائی لاکھ لوگ ہر روز نہیں جاتے؟ چھیاسی (86) اور بسیں آ رہی ہیں، ساڑھے تین لاکھ لوگ کیا ہر روز نہیں جائیں گے؟ اختیار ولی صاحب، آپ سائیکل پر پھرتے جائیں، ہم لوگوں کو بی آر ٹی دیں گے۔ کیا Rescue 1122 صوبے کی ہر تحصیل تک، ہر ڈسٹرکٹ تک نہیں؟ اس دن میں دیکھ رہا تھا کہ سندھ حکومت کی ایک Rescue station ہے نہیں جی، ٹی وی پر اشتہار چلا رہا تھا، یہاں پر ہر تحصیل میں، قبائلی اضلاع کے ہر ضلعے میں Rescue stations ہیں، ہمارا یہ فرق ہے، کیا یہ وعدوں کی تکمیل نہیں؟ ایجوکیشن کارڈ ان شاء اللہ اس سال شروع ہو جائے گا، کیا یہ وعدوں کی تکمیل نہیں؟ مجھے پتہ نہیں ہے کہ اختیار ولی صاحب گلے کیا کر سکتے ہیں، نوشہرہ میں تو ریکارڈ ڈیویلپمنٹ ہوئی ہے، ساٹھ (60) یا ستر (70) ہزار ٹیچرز کی Induction عاطف خان صاحب کے ٹائم میں ہوئی تھی اور تقریباً اتنی ابھی ہوئی ہے، ابھی پینتیس (35) ہزار ٹیچرز کو ہم Permanent کر رہے ہیں، ابھی اس سسٹم میں بیس ہزار ٹیچرز اور آ جائیں گے، تین سو کنٹریکٹ ڈاکٹرز ابھی اس مہینے آئیں گے، ایک ہزار اور آئیں گے تاکہ کہیں پر کمی نہ رہ جائے۔ اچھا، اختیار ولی صاحب نے یہ بھی کہا، ہم بھی کہتے ہیں اور درانی صاحب بھی جب کہتے ہیں تو وہ Rightly کہتے ہیں کہ ہمیں بیوروکریسی کی Respect gain کرنی چاہیئے، ہمیں خود بھی اپنا ہوم ورک کرنا چاہیئے، انہوں نے کہا کہ مجھے کوئی بتائے کہ پیسہ کہاں پر لگا، کدھر لگا؟ پچھلے سال عنایت صاحب نے تعریف بھی کی تھی، آج وہ نہیں ہیں، یہ رپورٹ کسی اور صوبے کی Budget books میں شائع نہیں ہوئی ہے، یہ پچھلے سال Actual expenditure report ہے کہ پیسہ کہاں پر لگا ہے، یہ کسی صوبے میں نہیں ہوتا، وفاق میں بھی نہیں ہوتا، یہ صرف خیبر پختونخوا میں، اب اس سے زیادہ Transparency آپ کو کیا دیں؟ اختیار ولی صاحب، پری بجٹ سیشن کی تجاویز ہوئیں، دو پری بجٹ سیشنز ہوئیں، اپوزیشن ایم پی ایز کو اس میں Interest لینی چاہیئے اور وہ اسمبلی سے باہر ہوئے ہیں، اس چیز کے حق میں میں ہوں کہ ہم فروری مارچ میں ایک بجٹ پلاننگ سیشن بھی کریں، اس میں کوئی برائی نہیں

ہے، بڑی اچھی تجویز ہے، یہ کرنی چاہیئے تاکہ اسمبلی میں بھی Input آئے اور اس پر ڈیبیٹ ہو۔ جناب سپیکر، پی اینڈ ڈی نے ایک پوری Annual report شائع کی ہے، کیونکہ اختیار ولی صاحب نے بھی پی اینڈ ڈی کی بات کی، Development statistics اس صوبے کے Socio economic indicators district wise جس سے پتہ چلتا ہے کہ کونسے ڈسٹرکٹ میں کیا Investment کرنی ہے؟ خیبر پختونخوا کے ہر ضلع کے ڈسٹرکٹ فگرز Brief publish ہوتے ہیں، صوبے کا GDP estimate publish ہوتا ہے، خیبر پختونخوا کا Economic review میرے پاس تو آتا ہے، میں تو بڑی ڈیٹیل سے یہ چیزیں دیکھتا ہوں، یہ خیبر پختونخوا کے Economic indicators ہیں، یہ ساری وہ چیزیں ہیں جو ہر سال پلاننگ پراسیس کا حصہ بنتی ہیں۔ جناب سپیکر، پھر کنڈی صاحب کی بات پر آتے ہیں، کنڈی صاحب نے CCI کی بات کی، میں کنڈی صاحب کا مشکور ہوں، کل کی بات یاد دلاتا ہوں کہ انہوں نے کہا کہ نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے لئے جو واپڈا کی پیداوار ہے وہ غلط تھی، اتفاقاً پتہ چلا کہ وہ ان کی اپنی پارٹی کے منسٹر نے ہمیں دی تھی، میں ان سے ابھی خط لکھ کر کہہ دوں گا کہ ہمیں آئندہ غلط فگرز نہ دیں، کنڈی صاحب کو اعتراض ہے، کنڈی صاحب نے Rightly کہا کہ CCI میں ہمیں کیس لڑنا چاہیئے، صوبے کے کیسز لڑنے چاہئیں، ان سارے ایشوز پر کنڈی صاحب نے بار بار بات کی ہے، اس پر آپ مجھے ایک منٹ کا موقع دیں گے، چلیں کیس لڑتے ہیں، یہاں پر سب سے زیادہ جو اپوزیشن کے ایم پی ایز بولے تو وہ یہ بولے کہ ہمیں زیادہ ڈیویلپمنٹ کا کام چاہیئے، ڈیویلپمنٹ کے کام کے لئے زیادہ پیسہ چاہیئے، ان کی وفاقی حکومت نے ہمیں یہ MoU sign کرنے کے لئے دیا ہے جس میں لکھا ہے کہ آپ ہمیں ایک سو سترہ (117) ارب روپے واپس دیں، یعنی خرچ نہ کریں، ایک سو سترہ (117) ارب روپیہ میں نے لایا تو اس پر میں اپوزیشن کی رائے ضرور چاہوں گا کہ وہ اس کے حق میں ہے یا اس کے حق میں نہیں ہے؟ انہوں نے بھیجے ہیں۔ میرے سے سیکرٹری فنانس نے پوچھا، کیونکہ ان کو لکھا گیا ہے کہ یہ Sign کر دیں، اس کے بعد تو ساری ڈیویلپمنٹ ختم ہو جائے گی۔ جناب سپیکر، آئی ایم ایف کی اور وہ خوشدل خان صاحب کی پارٹی کے Vision کی بات ہے، چلیں اس پر کہتے ہیں کہ چیف منسٹر صاحب نے مجھے ڈائریکشن دی کہ اگر وفاقی حکومت کہہ دے، چلیں اس سے پہلے میں ضرور کہہ دیتا ہوں کہ پاکستان ہمارا ہے، پاکستان ہوگا تو ہم ہوں گے، ہم پاکستان کے لئے کسی بھی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں لیکن اگر یہ اس ٹائپ کی ہمیں تجاویز آئیں گی اور بغیر بات کئے کہ یہ Sign کر لیں، ایک سو سترہ (117) ارب روپے یہ ہم سے مانگ رہے ہیں، جب

قبائلی اضلاع کے لئے ان کو پانچ ارب روپے دینے کے لئے نہیں ہیں تو I am sorry جناب سپیکر، ہم ایسے MoU sign نہیں کریں گے، میں کہوں گا کہ وفاقی حکومت ہمارے ساتھ کن کن چیزوں پر بیٹھے تا کہ ہم ان کے ساتھ اس کا راستہ نکالیں، اگر آئی ایم ایف نے ان سے MoU sign کرانا ہے تو یہ ہمارے پیسوں سے کیوں وہ MoU sign کرارہے ہیں؟ پہلے ہمارے ساتھ بیٹھیں، میں وہ مطالبات کرتا ہوں، سب سے پہلے قبائلی اضلاع کا صحت کارڈ ضرور ٹرانسفر کریں، ساتھ فنڈنگ ٹرانسفر کریں تاکہ قبائلی اضلاع کے لوگوں کو خیبر پختونخوا کا صحت کارڈ ملے۔ دوسرے نمبر پر قبائلی اضلاع کو جو Partial budget دیا ہے، ان ایک سو سترہ (117) ارب روپوں کے علاوہ ہے، وہ ہمارے ساتھ بیٹھ کر ہمیں کنفرم کرائیں کہ قبائلی اضلاع کو ان کا پورا بجٹ ملے گا۔ تیسری بات جو کنڈی صاحب نے کی کہ این ایف سی کو Call کریں، اس MoU میں لکھا جائے کہ این ایف سی Call ہو، تاکہ قبائلی اضلاع کا تین فیصد اس سے کم کرنا ہے یا زیادہ کرنا ہے؟ اس پر بات ہو اور بات ختم ہو، یہ ہم صوبے کا کیس لڑ رہے ہیں۔ اس کے علاوہ این ایف سی میں اے جی این قاضی کا حل بھی نکل جائے اور اسی این ایف سی میں میں 2017ء کے Census پر بھی ہم آتے ہیں۔ جناب سپیکر، خوشدل خان صاحب کو کیوں اعتراض ہے؟ انہیں تو خوش ہونا چاہیئے، ان کو اس پر اعتراض ہے کہ۔۔۔۔۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Cross talk نہ کریں، سن لیں جی۔

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر، اگر ہم سے MoU sign کرانا ہے تو پھر اس کے علاوہ جو ہمارے باقی مسئلے ہیں، سارے اپوزیشن نے ہمیں کہا ہے کہ آپ اس کو وفاقی حکومت کے ساتھ اٹھائیں، ہم اٹھا رہے ہیں، ہم تو اب وہی کر رہے ہیں جو انہوں نے کہا۔ جناب سپیکر، کل عاطف خان صاحب نے کہا کہ وہ اگر ہمارے ساتھ آتے کا ففٹی ففٹی تقسیم بھی کر لیں تو کپڑے بچ جائیں گے اور اس کے ساتھ جو پٹرولیم لیوی آرٹیکل WACOG 158، اس کے ساتھ پھر آپ کی ہی حکومت ہے، اب وہ ہمیں کہہ رہے ہیں کہ ایک سو سترہ (117) ارب روپے دیں۔۔۔۔۔

<u>ایک رکن</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>وزیر خزانہ</u>: ابھی ہم ان سے مطالبہ کر رہے ہیں، یہ پورا ایوان سن لے کہ اپوزیشن کہہ رہی ہے کہ یہ مطالبے نہ اٹھائیں، یہ خیبر پختونخوا کی اپوزیشن ہے، ان کے لئے تالیاں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>وزیر خزانہ:</u> جناب سپیکر، میں ان ہی کی بات کر رہا ہوں، مجھے ابھی سمجھ نہیں آ رہی ہے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب بہادر خان:</u>جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تاسو واوڑئ جی، خیر دے بہادر خان صاحب، خیر دے۔

<u>وزیر خزانہ:</u>جناب سپیکر، ان کو تکلیف کیوں ہو رہی ہے، ان کو کس چیز کی تکلیف ہو رہی ہے ؟۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> واؤرئ جی ، Cross talk نہ کریں۔

<u>وزیر خزانہ:</u> یہ ساری چیزیں جو ہم نے کہہ دی ہیں، میرے خیال میں آئی ایم ایف کو بھی پتہ نہیں ہو گا کہ وفاقی حکومت ہمیں فاٹا کے پیسے نہیں دیتی، ان سے تو سارا بجٹ Change کرا دیا، وفاقی حکومت ہمیں نیٹ ہائیڈل پرافٹ کے پیسے نہیں دیتی اور پھر کہتی ہے کہ صوبے کے پاس بڑے پیسے ہیں، صوبے سے ایک سو سترہ (117) ارب روپے لیں تو اچھا ہے کہ یہ ریکارڈ پر آ گیا ہے، فنانس سیکرٹری یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بھی سن لیا، ان شاء اللہ میں امید کرتا ہوں کہ اس پر ابھی پوری اسمبلی قرارداد پیش کرے گی کہ خیبر پختونخوا کے مسئلوں پر ہم ایک ہیں۔ جناب سپیکر، خوشدل خان صاحب بتا دیں کہ وہ وفاقی گورنمنٹ میں ہیں یا اپوزیشن میں ہیں؟ میں تو بار بار Confuse ہوتا ہوں۔ (قہقہہ) جناب سپیکر، میرے خیال میں اس کے بعد کنڈی صاحب کا گلہ نہیں ہو گا۔ بصیرت خان میرے خیال میں خیبر سے ایم پی اے ہیں، انہوں نے یہ Again کہا ہے کہ مجھ سے پوچھا نہیں ہے، انہوں نے ہسپتالوں کے بارے میں بات کی کہ ہسپتالوں پر فوکس ہونا چاہیئے، ہمارے پاس چونکہ ٹائم کم ہے، یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر چیز کا ایم پی اے سے پوچھیں لیکن ڈی ایچ کیو ہاسپیٹل لنڈی کوتل جو ان کے ضلعے کا ڈی ایچ کیو ہے، وہ ہم نے ان Fifty eight priority hospitals میں ڈال دیا ہے جس کو ہم نے اپنے بہترین ہاسپیٹل بنانے ہیں اور اس کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ میں ڈالنا ہے تاکہ وہ سارے خیبر ڈسٹرکٹ کا بھی لوڈ اٹھائے اور جو افغانستان سے لوگ آتے ہیں، ان کا بھی لوڈ اٹھائے، اس کا Expression of interest already launch ہے میرے خیال میں، اس کے علاوہ بازار زکاخیل کا بھی ہاسپیٹل اس میں شامل ہے، خیبر کے ہاسپٹل پر تو خصوصاً توجہ ہے، جمرود کے ہاسپٹل کے لئے ہم نے ابھی اس کی Revamping کے لئے وہاں مینجمنٹ کمیٹی کو ایکسٹرا فنڈ دینا ہے، معذرت کے ساتھ آپ آئیں، آپ پوچھیں، ہم آپ کو بتا دیں گے۔ یہ بھی گلہ

ہے کہ قبائلی اضلاع میں ہم سے مشاورت نہیں ہوتی، چیف منسٹر صاحب نے تو ساری کیبنٹ کو قبائلی اضلاع کے ایک ایک ضلع میں نہیں، ایک ایک تحصیل میں بھیجا ہے، ہم بار بار گئے ہیں، تین تین، چار چار دفعہ گئے ہیں، صرف ایم پی ایز کے ساتھ نہیں، جرگوں کے ساتھ سارے مشران کے ساتھ مشاورت کی ہے، اپنے ضلعوں میں نہیں کی، قبائلی اضلاع میں کی ہے، وہی قبائلی اضلاع جن کو ابھی جے یو آئی (ف)، اے این پی، پی ایم ایل (این) اور پی پی پی کی حکومت فنڈنگ نہیں دیتی۔ جناب سپیکر، بادشاہ صالح صاحب نے اپر دیر کے دوروڈز کی بات کی اور وہ دونوں موجود ہیں، اگر In the year زیادہ فنڈنگ کی ضرورت ہوگی توان شاء اللہ وہ ہم کر دیں گے، ہم میرٹ پر فیصلے لیتے ہیں۔ بہادر خان صاحب نے کہا کہ یہ اے ڈی پی Rules پر نہیں بنتی، Rules پر تو بنتی ہے، اسمبلی اسے پاس کرتی ہے، اس سے اسمبلی کی پروٹیکشن ہوتی ہے، ان کے جو گلے تھے وہ ہمیں کل چیف منسٹر صاحب نے ڈائریکٹ کیا تھا کہ وہ سن لئے جائیں۔ جناب سپیکر، درانی صاحب کے ساتھ چونکہ بنوں سے میرا رشتہ بھی ہے، مجھے بات کرنے کا ہمیشہ مزہ بھی آتا ہے، انہوں نے کہا کہ اگر پلاننگ اچھی ہوتی ہے تو ترقی بھی اچھی ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ اگر پلاننگ اچھی ہوتی ہے تو پھر اس کے Outcomes بھی اچھے ہوتے ہیں، اچھا ہے کہ ابھی ابھی مفتاح اسماعیل صاحب کی ریلیز کی گئی رپورٹ میں آیا تھا کہ سب سے زیادہ لٹریسی ایجوکیشن وہ خیبر پختونخوا میں بڑھی ہے، سب سے زیادہ Health improvement خیبر پختونخوا میں ہوئی ہے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، بی آر ٹی میں دس کروڑ لوگوں نے دو سال کے اندر پشاور میں سفر کیا، میرے خیال میں آپ پنڈی اور ملتان کو ملا بھی دیں تو وہ دس کروڑ لوگ نہیں اور وہ اس میں شامل کئے گئے ہیں۔ صحت کارڈ کو آٹھ لاکھ فیملیز نے ایک سال میں اس کا استعمال کیا، یہ دہرانے والی بات ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: پی اینڈ ڈی پر آجائیں، تیمور صاحب، پی اینڈ ڈی پر بات کریں۔

<u>وزیر خزانہ</u>: Windup کرتا ہوں، انہوں نے یہ کہا تھا کہ بی آر ٹی کو سبسڈی کیوں مل رہی ہے؟ اب اگر پٹرول دو سو چالیس (240) روپے ہوگا اور ڈیزل دو سو ترسٹھ (263) روپے کا ہوگا تو ہمیں عوام کی تکلیف کم کرنے کے لئے بی آر ٹی کو سبسڈی دینا پڑے گی۔ جناب سپیکر، ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

<u>ایک آواز</u>: بالکل صحیح ہے۔

<u>وزیر خزانہ</u>: ہاں جی، بلین ٹریز کے بارے میں انہوں نے بات کی، میں نے بلین ٹریز کو ابھی Google کیا ہے، یہ اشتیاق بھائی بیٹھے ہیں، پہلا ریزلٹ جو آیا تھا وہ United Nation Environmental

Program کا آیا تھا، یہ 29 مارچ کی رپورٹ ہے، اس کا Title ہے، United Nation Environmental Program launched in Pakistan for leading Global Echo System Restoration efforts with the Ten Billion Trees Tsunami (تالیاں) جناب سپیکر، درانی صاحب نے پنشن کی بات کی، وہ یہاں پر میرے لئے سینیئر ہیں، Respectable ہیں، پہلے تو میں درانی صاحب سے کہوں گا کہ مجھے آپ سے یہ توقع نہیں تھی، آپ ٹیچرز کو گمراہ کر رہے ہیں، یہ پنشن ان کی بچ رہی ہے لیکن یہ کہنا ضروری ہے کہ Amendment was made in Civil Servant Act, 1973, in section 19 in 2004 جناب سپیکر، 2004ء میں اکرم خان درانی صاحب چیف منسٹر تھے، CP Fund rules were notified in 2006 and effect was given from 2001، یعنی پانچ سال پہلے Effect دے دیا، اگر یہ اتنی بری چیز ہے تو درانی صاحب نے یہ کیوں پاس کیا تھا؟ اس پر عمل درآمد نہ کرنے کے لئے تو یہ مجھے بتایا جائے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، یہ انہی کی گورنمنٹ میں، یہ ریکارڈ پر ہے، ابھی میں نے فنانس سے منگوایا ہے لیکن پھر ان میں وہ صلاحیت نہیں تھی کہ اس کو Implement کرتے، چلیں اس کو چھوڑ دیں، یہ میں ٹیچرز کو Assure کراتا ہوں کہ یہ جو Defined contribution system ہے، مجھے فخر ہے کہ یہ ایڈہاک ڈاکٹرز نے بھی مانا، یہ ان کی پنشن کو ہمیشہ کے لئے محفوظ کرے گا، ان کو پنشن بھی ملے گی، ان کو کیموٹیشن بھی ملے گی، پہلے سے زیادہ ملے گی۔ اس دن میں نے ٹیچرز کے ساتھ تین گھنٹے کا سیشن لگایا، سوائے وہ جو سیاست کر رہے ہیں سب اس کو مان گئے، میں Windup کرتا ہوں، Mr. Salahuddin talked about, no one bothering to consult him. Mr. Speaker, I think he has to consult those departments where he wants work and that may result in better outcomes for Mr. Salahuddin, but I can promise him that in Health all of the BHUs in his constituency have got primary health care committees and all of them have got money released and all of them are actually getting revamped through the Primary Health Care Program and when he complains that there is no doctor in the dispensary, that Mr. Speaker, is because the rules say that there should be no doctor in the dispensary, he should know that. جناب سپیکر، ان میں نثار صاحب کے بھی گلے تھے، وہ وہی باتیں ہیں اور جو میڈم شاہدہ صاحبہ نے بات کی کہ کرپشن ہو رہی ہے، اس کا بھی میں نے جواب دے دیا۔ جناب سپیکر، یہ Development budget perfect

نہیں ہو گا اور ہو بھی نہیں سکتا، اس میں بہت ہی Improvement کی گنجائش ہے لیکن Ultimate جو فیصلہ کرنا ہوتا ہے وہ عوام نے 2013ء میں فیصلہ کیا، عوام نے 2018ء میں بھی فیصلہ کیا، عوام نے ابھی یہ لوکل گورنمنٹ الیکشن کے دوسرے فیز میں بھی فیصلہ کیا، عوام عمران خان صاحب کے ہر جلسے میں بھی فیصلہ کر رہے ہیں جناب سپیکر، کوئی تو وجہ ہو گی ناں کہ عوام یہ فیصلہ کر رہے ہیں، ان شاء اللہ ہم اپوزیشن کے گلے دور کریں گے۔

Now, I humbly request Salahuddin Sahib, and all the Opposition Members, to withdraw their cut motions. Thank you very much.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب خوشدل خان صاحب، آپ Withdraw کر رہے ہیں یا ووٹ کرتے ہیں؟

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جس طرح متفقہ طور پر اپوزیشن لیڈر صاحب کا موقف ہے، ہم ان کی تائید کرتے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب، آپ کے رویہ کی وجہ سے آج ہم کٹ موشنز پر ووٹنگ کریں گے اور ووٹنگ جو ہوتی ہے وہ اس طرح نہیں ہوتی، Yes اور No میں نہیں ہے، ہم اس پر صحیح ووٹنگ کرائیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: یہ Hooting ہے کہ ووٹنگ؟

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: جی ووٹنگ ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ہاں ووٹنگ، میں نے یہ سمجھا کہ آپ نے Hooting کہا ہے، ہاں ووٹنگ۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: آپ کو ویسے ہماری بات اچھی نہیں لگ رہی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں وہ میری سمجھ میں نہیں آیا، Hooting الگ چیز ہے، ووٹنگ الگ چیز ہے، اس لئے میں نے پوچھا کہ Hooting ہے کہ ووٹنگ ہے؟ جی میاں نثار گل صاحب۔

<u>میاں نثار گل</u>: میں کٹ موشن پر ووٹنگ چاہتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ ووٹنگ چاہتے ہیں؟

<u>میاں نثار گل</u>: جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: ووٹنگ کرائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر، ووٹنگ جی۔

Mr. Deputy Speaker: Okay. Ji, Ikhtiar Wali Sahib.

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر، وزیر خزانہ صاحب کے جھوٹے جوابات کے Protest کرتے ہوئے میں ووٹ کے لئے Prefer کروں گا کہ ووٹنگ ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ احمد کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: جناب سپیکر، ووٹنگ ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بصیرت خان صاحبہ۔

محترمہ بصیرت خان: جی ووٹنگ ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک بادشاہ صالح صاحب، موجود نہیں۔ جناب اکرم درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): ووٹنگ ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ھیک شوہ۔ جی صلاح الدین صاحب۔

جناب صلاح الدین: Vote because ہمارے CDs کے لئے رولز ہیں اور وہاں پر چالیس ہزار کے لئے بی ایچ یو تک نہیں ہے، اس پر بھی ووٹ نہیں ہوگا تو اور کیا ہوگا؟

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: شاہدہ بی بی۔

محترمہ شاہدہ: ووٹنگ ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار احمد صاحب۔

جناب نثار احمد: جناب سپیکر، ووٹنگ ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، اس طرح ہے کہ جن ممبران نے کٹ موشنز پیش کی ہیں، ان میں مختلف Figures ہیں لیکن میں نے جس طرح کل بھی پیش کیا تھا کہ تمام کو اکٹھا کر کے جو زیادہ تخفیف ہے، اس کو ہم Count کریں گے، وہ لیا جائے گا، میں ہاؤس کو Put کرتا ہوں۔

Now, I put these cut motions to vote. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The cut motions are defeated. Now, therefore, the motion before the House is that the Demand may be granted?

Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motions was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Demand No. 5: The honourable Minister for Science & Technology, to please move his Demand No. 5. Mr. Atif Khan.

جناب محمد عاطف (وزیر خوراک وسائنس اینڈ ٹیکنالوجی): بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01ارب 33کروڑ 28لاکھ 68ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that: a sum not exceeding rupees 01 billion, 33 crore, 28 lac, 68 thousand only, may be granted to the Provincial Government, to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2023, in respect of Science & Technology and Information Technology Department.

Cut motions: Ms. Night Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، چار ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four thousand only. Mr. Mehmood Ahmad Bitini Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر، ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ms. Shagufta Malik, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپیکر صاحب، د دو سو روپو کھوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Mir Kalam Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب میر کلام خان: جناب سپیکر صاحب، د سو روپو کٹ موشن پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ms. Naeema

Kishwar Khan, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں دو ہزار کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two thousand only. Mr. Inayatullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Khushdil Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

Mr. Khushdil Khan Advocate: Ten rupees.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Mian Nisar Gul, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

میاں نثار گل: جناب سپیکر صاحب، ایک سو روپے کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Ms. Rehana Ismail, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ڈیمانڈ نمبر 5 پر دس لاکھ کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten lac only. Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر صاحب، ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Sirajuddin, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Bilawal Afridi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Sardar Muhammad Yousaf Zaman, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Ikhtiar Wali, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب اختیار ولی: میں چالیس ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees forty thousand only. Ms. Sobia Shahid, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Ahmad Kundi, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب احمد کنڈی: بیس روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Ms. Baseerat Khan, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5.

محترمہ بصیرت خان: ایک سو دس(110) روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred and ten only. Mr. Bahadar Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب بہادر خان: پانچ سو روپے کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Janab Akram Khan Durrani, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

قائد حزب اختلاف: ایک هزار روپئ کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Salahuddin MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

Mr. Salahuddin: Mr. Speaker, I beg to move that the total grant may be reduced by rupees one thousand.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Sardar Hussain Babak, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Shakeel Bashir Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Ms. Samar Haroon Bilour, MPA, to please move her cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Nisar Ahmad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

جناب نثار احمد: لس زره روپئ کټ موشن پیش کوم۔

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Sahibzada Sanaullah, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Mr. Faheem Ahmad, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5, (not present) it lapsed. Hafiz Isamuddin, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 5.

حافظ عصام الدین: ایک سو روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مس نگہت یاسمین اور کزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اور کزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں یہ سمجھتی ہوں کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے لئے جو اتنی زیادہ گرانٹ رکھی گئی ہے، میں یہ سوال بھی پوچھنا چاہوں گی کہ کیا اس میں وہ گرانٹ بھی ہے، جس میں اٹھتر (78) کروڑ اور Something جو ایک لاکھ روپے ہیں، وہ پچیس ہزار روپے کے حساب سے ایک Social activist کو دیئے جائیں گے سوشل ورکر کو کہ وہ ان کا سوشل میڈیا چلائے اور ان کو پچیس ہزار روپے مہینے کی تنخواہ ملے گی، یہ جو اٹھتر (78) کروڑ روپے ہیں، یہ شاید اسی کے لئے ہیں۔ دوسرا جناب سپیکر صاحب، میں اتنی لمبی چوڑی بات نہیں کرنا چاہتی ہوں کیونکہ یہ ان کا سوشل میڈیا چونکہ ابھی کمزور پڑ رہا ہے، اس میں انہوں نے اٹھتر (78) کروڑ روپے کی گرانٹ رکھی ہے کہ پچیس ہزار روپے میں فی بندہ Hire کیا جائے گا اور وہ سرکاری دفتر میں بیٹھ کر، مطلب انفارمیشن میں بیٹھ کر وہ کام کرے گا اور وہ پھر ان کا سوشل میڈیا چلائے گا۔ جناب سپیکر صاحب، دوسری بات یہ ہے کہ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ابھی تک بہت بلند و بالا دعوے کئے گئے مگر ابھی تک میرے کوئی تقریباً ڈیڑھ سو سوالات Merged areas کے بارے میں آچکے ہیں جن کے جوابات میں مجھے کہا گیا ہے کہ کچھ پیسے لگے ہیں، کچھ بینکوں میں پڑے ہوئے ہیں، یہ ہے، وہ ہے، فلاں ہے، جناب سپیکر صاحب، اگر دیکھا جائے تو ضم اضلاع کو انٹرنیٹ کی سہولت فراہم نہیں کی گئی ہے، اب مجھے یہ بتائیں اور منسٹر صاحب مجھے اس کی کیا Surety دیں گے کہ ارب، کروڑ اور پھر لاکھوں میں اتنا پیسہ جو مانگ رہے ہیں، تو کیا ان ضم اضلاع جو کہ ان کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جا رہا ہے، وہاں پر جو بچے پڑھتے ہیں یا جو چھٹیوں میں گھر جاتے ہیں تو وہ ظاہر ہے اپنی انفارمیشن کے لئے انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، کیا ان کو انٹرنیٹ کی سہولت اس بجٹ میں جو یہ مانگ رہے ہیں، اس میں یہ دیں گے؟ مجھے یہ بھی بتا دیں کہ کیا وہ ہمارا خیبر پختونخوا کا حصہ نہیں ہے؟ جناب کتنے سال ہو گئے ہیں؟ میرا خیال ہے کہ چار سال ہو گئے ہیں، اس اگست میں چار سال پورے ہو جائیں گے کہ ہم یہ سن رہے ہیں کہ ہم نے خیبر پختونخوا سے ان Merged districts کو اتنا زیادہ پیسہ دیا اور وہاں پر یہ ہوا، ہم نے کونسی ایسی سہولیات Merged areas کو دی ہیں؟ میں سمجھتی ہوں کہ موجودہ حالات کے تناظر میں جو بہت اہمیت ہے وہ انٹرنیٹ کی سہولت ہے، میڈیکل کالج ہے، اس کے علاوہ ٹیکنالوجی میں اور انفارمیشن میں جتنا کچھ بھی آتا ہے وہاں پر پھر ظاہر ہے کہ

ٹیکنیکل سکول بھی ہونے چاہئیں، ٹیکنیکل کالج بھی ہونا چاہیئے، میرا مطلب ہے کہ وہاں پر ٹیکنیکل کی تمام سہولیات ہونی چاہئیں۔ یہ مجھے بتائیں گے کہ ایک ارب، کروڑ اور پھر اس کے بعد لاکھ جو کہ گنتی میں بھی نہیں آرہے ہیں، مجھے تو اس کی گنتی بھی نہیں آرہی ہے، شاید پتہ بھی نہ چلے کہ یہ کتنے ہیں؟ اتنا پیسہ جب میرے منسٹر صاحب مانگ رہے ہیں، اس ہاؤس سے ریکویسٹ کر رہے ہیں، مجھے بتائیں اور میں اس کو ایک شعر کے ذریعے ختم کرنا چاہوں گی کہ:

حالات کے قدموں پہ قلندر نہیں گرتا
ٹوٹے بھی جو تارا تو زمین پر نہیں گرتا
گرتے ہیں سمندر میں بڑے شوق سے دریا
لیکن کسی دریا میں سمندر نہیں گرتا

جناب سپیکر صاحب، ان کا جواب مجھے اگر منسٹر صاحب دیں تو مہربانی ہوگی، تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: Janab Mehmood Ahmad Khan Sahib. Order in the House.

(شور)

جناب محمود احمد خان: تھینک یو، جناب سپیکر، منسٹر صاحب سے میری ایک دو ریکویسٹس آئی ٹی کے حوالے کرنی ہیں۔ جناب سپیکر، میرے ڈسٹرکٹ ٹانک میں دو سروس ڈیلیوری سنٹرز پچھلی حکومت میں بنے ہیں لیکن ابھی تک جو کمپیوٹرائزڈ سسٹم ہے وہ ایک ٹانک کا چالو ہے اور دوسرا سسٹم ڈبرہ میں جو ابھی دو تین، چار سال ہو گئے کہ سسٹم آیا ہوا ہے لیکن ابھی تک بند ہے، آپ سے وجہ پوچھ سکتے ہیں کہ آخر اس میں کیا مسئلہ ہے؟ یہ جو کمپیوٹرائزڈ سسٹم ہے، یہ بند کیوں ہے؟ کیونکہ بہت سے حلقوں میں انتقالات کمپیوٹرائزڈ ہو گئے ہیں۔

(شور)

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر، یہ سروس ڈیلیوری سنٹر ہے، چونکہ کمپیوٹرائزڈ آئی ٹی کا جو Functional revenue ہے وہ تو علیحدہ ہے لیکن اب جو انتقالات کے لئے آئی ٹی کی طرف سے جو نیا سسٹم آیا ہے تاکہ وہ لگ جائے۔ دوسری بات جو نیٹ کی ہے، ہمارے کچھ ایسے علاقے ہیں جہاں پر نیٹ کام نہیں کر رہا ہے، خاص کر ایف آر ٹانک میں، پنگ سائڈ پر، جنڈولہ سائڈ پر، یہ اگر اس کی وضاحت کر دیں جو ایف آر یا ساؤتھ کا علاقہ ہے کہ کب تک ان کا ارادہ ہے جو ہمارے ضم اضلاع ہیں کیونکہ اب ایف آر علاقہ

بھی ڈسٹرکٹ ٹانک کے ساتھ ہو گیا ہے کہ نیٹ کا یہ جوایشو ہے، 4G،3G یہ کب تک مسئلہ حل ہو جائے گا؟

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: مننه جناب سپیکر صاحب، اول خو تاسو ته زه لږ ځکه وایم چې دا د د بجټ سیشن دے او په بجټ سیشن کښې چې څومره هم ډیپارټمنټس دلته ډسکس کیږی نو پکار خو دا ده چې د هغوی ټول سیکرټریان دلته موجود وی، وزیر اعلیٰ صاحب ناست دے او مونږ په ګیلریز کښې چرته سیکرټری او نه لیدلو، نو دا خو هم ستاسو Responsibility ده، لږ چیک ئے کړئ چې د ډیپارټمنټس څومره سیکرټریان ناست دی؟ ظاهره خبره ده چې مونږ په کوم دور کښې یو او په دې صدئ کښې مونږ د آئی ټی خبره کوؤ، یو خو دلته چې کومې خبرې اوشوې، په قبائلو کښې د 3G او د 4G تر اوسه پورې چې دلته کښې مونږه ډیرې زیاتې خبرې اوکړې خو په قبائلو کښې تاسو اوګورئ چې تر اوسه پورې د 3G او د 4G چې کومه مسئله ده، زمونږه هغه ځوانان چې هغوی تعلیم کوی لګیا دی، په سکولونو، کالجونو او یونیورسټو کښې دی، هغوی ډیر زیات Suffer کیږی۔ دویمه خبره دا ده چې دې ډیپارټمنټ اوسه پورې مونږ او نه کتل چې داسې څه د ځوانانو د پاره څه داسې د آئی ټی یونیورسټئ خبره مونږه اوکړو یا په Rural area کښې د آئی ټی یونیورسټی یا نور داسې Activities، ځکه چې مونږه ګورو منسټرز صاحبان کله یو راشی، هغه درې میاشتې تیرې کړی، بیا بل راشی، Visits خو لګیا دی ډیر کیږی خو هیڅ قسمه داسې په آئی ټی کښې مونږه څه داسې مثبت پیش رفت او نه کتلو چې هغه مونږه د دې پښتنو ځوانانو د پاره ځکه چې دلته خو دا خبره هم ډیره کیده، د ځوانانو د پاره چې مونږه د Youth د پاره، هغهYouth ، هغه ځوان کول چې بیروزګاره دی او بیا هغوی ته څه ټیکنیکل ایجوکیشن هم نشته، پکار خو دا ده چې زمونږ هغه ځوانان چې هغه تعلیم یافته شی، هغې سره سره ټیکنیکل ایجوکیشن هم ډیر زیات ضروری دے او دا ټیکنکل ایجوکیشن چې دے په دې مونږه لږ زیات فوکس اوکړو، ځکه چې په دې ټیکینکل ایجوکیشن کښې د روزګار چې څومره مسئلې دی، اوس هر چاته روزګار ورکول چې دی هغه د دوئ د وس خبره هم نه ده، دغه روزګار مونږه په

دغه ټیکینکل ایجوکیشن کښې ورکړو، خلق به په خپلو پښو اودریږی۔ بل په Covid-19 کښې مونږه اوکتل چې زمونږه په سرکاری سکولونو او کالجونو کښې کوم سرکاری خلق چې وو هغه ټول ډیر زیات په دې کښې Suffer شو، مونږ سره هیڅ قسمه Facilities نه وو، تاسو اوګورئ یو پرائیویټ سکول به وو، لږ د هغوی به ډیر Limited resources وو، په هغې کښې هم هغوی کوشش کړے دے چې هغوی Online system کړے دے، ماشومان په کور کښې ناست دی او څه نه څه ایزدکړه کوی خو د سرکار د طرف نه مونږه اونه کتل چې څومره هم ماشومان په سکولونو کښې وو هغه ټول په دې باندې Suffer شوی دی۔ د آئی ټی ډیپارټمنټ د تیرو څلورو کالو نه داسې څه Improvement، که داسې څه پیش رفت ئے کړے وی نو چې مونږ ته منسټر صاحب هغه اووائی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میر کلام صاحب۔

جناب میر کلام خان: ډیره مننه جناب سپیکر صاحب، په آئی ټی کښې که نن مونږ مجلس کوؤ نو لکه څه رنګ چې خبره اوشوه د قبائلی ضلعو، منسټر صاحب هم راغلے دے، په قبائلی ضلعو کښې که اوګورئ او بیا خاص کر په شمالی وزیرستان کښې یا زما په حلقه کښې نو په هغې کښې ډیرې داسې علاقې اوس هم شته دے چې هلته ساده موبائل نیټ ورک هم نشته دے، اوس په دې جدید دور کښې، په دې $21^{st}$ century کښې چې چرته موبائل نه وی، سګنل نه وی نو دا زما په خیال کښې دغه خلقو سره زیاتے به وی، ډیرې داسې علاقې اوس هم تحصیل ګړیوم، تحصیل وسلی، تحصیل دته خیل، مامی روغه، منظر خیل علاقې دی، دا نور چې په هغې کښې او بیا ځنی علاقو کښې ټاورز لګیدلی دی یا نزدې علاقه کښې کار کوی خو د هغه ټاور رینج دومره کم دے چې لرې لرې ورسره کوم کلی دی، کومې علاقې آبادئ دی، هغې ته د هغې رینج نه رسی۔ منسټر صاحب که دا څیزونه ورسره نوټ کړی چې د هغې رینج زیاتول دی، په څو ځایونو کښې خو بیخی هلته ټاور نشته دے، د موبائل ټاور به لګول وی۔ جناب سپیکر، بله خبره دا ده چې اوس ټوله دنیا Online business کوی، ایجوکیشن په دې Covid-19 کښې Course online وو، زمونږ په پورا قبائلی علاقه کښې نیټ نشته، بیا چې په کومو علاقو کښې نیټ شته خو هغه دومره کمزورے 2G

ورکړے شوے دے ، جناب سپیکر ، زما به ریکویسټ دا وی چې په پورا قبائلی علاقه کښې 3G او 4G ورکړے شی او خاص کر په شمالی وزیرستان کښې چې موبائل نیټ ورک هلته د Jazz او د Ufone شته دے ، په هغې باندې 3G او 4G تر اوسه پورې نه دے ورکړے شوے ، پکار دا ده چې هلته خلقو ته انټرنیټ سسټم ورکړے شی ، د خلقو به ژوند اسان شی۔ مننه ، جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، چونکہ قبائلی اضلاع کی بات ہو رہی ہے، میں اس کی الٹ بات کروں گی۔ یہاں پر بات ہو رہی تھی کہ وہاں پر نیٹ ورک نہیں ہے، میں اس طرف اشارہ کروں گی کہ قبائلی اضلاع میں جو افغانستان سے جو Waves آ رہی ہیں اور ادھر کی Sims استعمال ہو رہی ہیں، اس کو روکنے کے لئے ہماری حکومت کیا کر رہی ہے؟ کیونکہ جب ادھر سے Waves آ رہی ہیں، وہ Sims بھتہ خوری کے لئے، دہشتگردی کے لئے Use ہو رہی ہیں، اس پر میں نے مرکز میں بھی بات کی ہے، اس پر تھوڑا بہت کام بھی ہوا ہے، اس کے لئے اقدامات ہونے چاہئیں کیونکہ وہ ہمارے ملک کے لئے Misuse ہو رہی ہیں۔ دوسری طرف انڈیا سے ریڈیو کے Waves آ رہی ہیں، اس کو بھی روکنے کے لئے کچھ اقدامات نہیں ہو رہے ہیں، وہ جو ہمارے بارڈر کے ساتھ ایریاز ہیں، اس کو روکنے کے لئے بھی اقدامات ہونے چاہئیں، ہمارے ملک میں اس کو روکنا چاہیئے۔ جناب سپیکر، افغانستان کی Sims ادھر تقریباً بہت زیادہ ایریا تک اس کی Waves آ رہی ہیں، اس کو روکنے کے لئے ہمارے اقدامات ہونے چاہئیں۔ دوسری چیز، درانی صاحب نے ہمیں ایک اچھا تحفہ اس ہال کا دیا، کیونکہ 2002ء میں جو ہمارا دوسرا پرانا ہال تھا، اس جرگہ ہال میں ہم قوالوں کی طرح ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھتے تھے، بہت مشکل تھا، ہمیں یہ نیا ہاؤس ملا، ہم اس میں نئی ٹیکنالوجی لائیں گے، ہر بجٹ میں میں نے اس طرف توجہ دلائی تھی، ہم آج بھی بچوں کی طرح آوازیں لگاتے ہیں کہ ہمیں ٹائم دیں، اس کا طریقہ یہ تھا کہ ہم ادھر سے بٹن دبائیں گے اور ادھر آپ کے پاس نام آئے گا، اس ترتیب سے آپ ہمیں ٹائم دیں گے لیکن ابھی تک وہ ٹیکنالوجی یہاں پر Install نہیں ہوئی، میں ہر دفعہ آپ سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ اس ٹیکنالوجی کو آپ Install کریں، اس پر اتنا پیسہ نہیں لگے گا، ابھی تک تو یہ لیپ ٹاپ کی ٹیکنالوجی ہمیں ٹیبل پر Provide کی گئی ہے لیکن وہ ٹیکنالوجی ابھی تک اس میں Install نہیں ہوئی، اس کٹ موشن پر میں نے بھی یہی لکھا ہے کہ یہ ٹیکنالوجی ابھی تک ہم نے اس ہاؤس میں کیوں Install نہیں کی؟ کیونکہ ہمارے پاس یہاں پر بٹن بھی لگے ہیں، لیپ

ٹاپ بھی پڑے ہیں لیکن وہ Use نہیں ہو رہے، ہمیں Whatsapp پر ایجنڈا بھی بھیجا جاتا ہے لیکن ہم جب سروس دیتے ہیں، جب ہم اپنا ایجنڈا دیتے ہیں تو وہ ہم سے وصول نہیں کیا جاتا۔ جناب سپیکر، جب ہم بھی آپ کو اپنا ایجنڈا دیں، ہمارا ایجنڈا بھی Whatsapp یا Email کے Through لیا جائے، ہمیں بھی ٹیکنالوجی تک رسائی دی جائے، اگر ہم ممبران کے پاس ٹیکنالوجی نہیں ہے تو پھر اس کا کیا فائدہ؟ ہم انفارمیشن ٹیکنالوجی پر بات کریں، تیمور صاحب اچھے جوابات دے رہے ہیں، میں اس کو Appreciate کروں گی، انہوں نے کہا کہ ہم نے ٹیچرز اور ڈاکٹرز کو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر بات کر رہی ہیں یا سکولوں پر بات کر رہی ہیں؟

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں ٹیکنالوجی، یہ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر میں بات کر رہی ہوں، اس سے آگے میں نہیں جا رہی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر، میں صرف ایک دو منٹ لوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ڈاکٹرز کو مستقل کیا ہے ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، ابھی انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ساتھ ڈاکٹرز کا کونسا رشتہ آگیا؟

محترمہ نعیمہ کشور خان: انہوں اپنے جواب میں کہا ہے، میں صرف اس پر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، ان کو جواب نہ دیں، آپ انفارمیشن ٹیکنالوجی پر بات کریں، ڈاکٹرز پر آپ بات نہ کریں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب، میں نے بات نہیں کی، میں پچھلا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، وہ بات ہو گئی ہے، وہ بات ختم ہو گئی ہے۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: ٹھیک ہے، میں نے پہلے بھی اپنی کٹ موشن پیش کی لیکن آپ نے روانی میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، وہ میں نے آپ کا نام دو دفعہ پکارا تھا۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: اس کو آپ نے Lapse کیا، میں نے آپ کے ساتھ Argue نہیں کیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، دا کوم Expenditures چې دوئ ښودلی دی نو منسټر صاحب، دا Current expenditure چې دے Non-developmental expenditure دے، دا دے 01 ارب 33 کروړ 28 لاکھ 68 هزار، دا ډیر زیات دے، که مونږه د ډیپارټمنټ پرفارمنس اوګورو او مونږ دا Rules of Business راواخلو او دې Rules of Business کښې د دوئ کوم د سائنس اینډ ټیکنالوجی اینډ انفارمیشن ټیکنالوجی ډیپارټمنټ چې دے په دې Rules of Business, 1985 کښې تقریباً د دوئ بزنس ئے ښودلے دے۔ زه به د منسټر صاحب نه دا تپوس اوکړم چې په دې Rules of Business کښې تاسو څومره کار کړے دے؟ زه به Rule 7: To initiate Science & Information Technology Projects in the Province in Agriculture, Housing, Industry, Health, Education, Forestry, Energy, Pharmaceuticals and Small Cottage Industry including Pilot Plant Studies، دا دې دوئ اوښائی چې یره په دیکښې پراجیکټ شته دے یا نشته دے؟ دویمه خبره دا ده چې ټھیک ده آئی ټی به وی، لکه زه به د خپلې حلقې خبره اوکړم، زه به د PK-71خبره اوکړم، زه به د هغه علاقو خبره اوکړم چې کوم Rural areas دی، زه به د خپل منسټر اشتیاق ارمړ د حلقې خبره اوکړم چې تاسو هلته کښې زمونږه په سکولونو کښې ټیچران بهرتی کړی دی، هغوی له تاسو هغه سهولتونه نه دی ورکړی، نه هغوی سره کمپیوټر شته دے، نه هغوی سره هغه لیب شته دے چې په کوم باندې تاسو کړی دی او که هغوی سره دا هر څه وی چې بیا بجلی نه وی نو بیا به هغوی سره څه کوؤ؟ ځکه چې انټرنیټ بغیر د بجلئ نه چلیږی، سولرائزیشن هلته کښې نشته دے، بیا اخر تاسو دومره پیسې هم لګوئ په افسرانو باندې، په خپل سټاف باندې، هغوی د پاره چې کوم Accessories دی هغه تاسو اخلئ، د هغې Output هیڅ هم نه رااوځی، مطلب ئے څه اوتلو؟ زما به دا ریکویسټ وی چې تاسو دا Revisit کړئ او دا اخراجات چې کوم کرنټ دی، دا کم کړئ یا خو تاسو هغه Facilities rural ته ورکړئ ځکه چې ستاسو Rural areas develop شی، Urban area باندې به یو ښه اثر پریوځی، که دا Urban ډیر Develop شی خو Rural area چې نه وی، هلته Facilities په سکولونو کښې نه وی، په هیلتھ کښې نه وی، په نور ځائې کښې نه وی نو هغه به

څه پراډکټ ورکړی، هغه به څه اوکړی؟ زما به منسټر صاحب ته دا ریکویسټ وی، He is a very kind person، چې یره دا تاسو لږ کم کړئ او یا خو که کموئ ئے نه نو کم از کم تاسو Rural areas ته لاړ شئ، تاسو ماسره یو Visit اوکړئ، تاسو صلاح الدین خان سره Visit اوکړئ، تاسو وایئی چې هلته Facilities شته، زه به اومنم چې زمونږه هلته ټیچرز وی، هغه به پیسې اخلی خو هغوی ته به هغه Facilities نه وی چې کوم ځائې هغه خپل ایجوکیشن سټوډنټس ته Impart کړی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: شکریہ جناب سپیکر، منسٹر صاحب کو اللہ خوش رکھے، یہ بڑا شریف آدمی ہے، آج کل ٹیکنالوجی کا منسٹر ہے، میں اس کی اچھائی کی وجہ سے اس ایوان کو ایک بات کرنا چاہتا ہوں، کسی وقت اسی جگہ پر فوڈ منسٹر بیٹھا کرتے تھے، قلندر لودھی صاحب، میں اس کے پاس تقریباً دو سال گیا، ایک خاکروب بھرتی کے لئے لیکن انہوں نے میرا کام نہیں کیا، جب یہ فوڈ منسٹر بنے تو میں اس کے پاس گیا اور اللہ اس کو خوش رکھے کہ انہوں نے وہ خاکروب میرے لئے بھرتی کر لیا، میں نے پھر اس کا شکریہ بھی ادا کیا، پورے چار سال میں ایک خاکروب کے علاوہ میرا کوئی بھرتی نہیں ہوا، اس خاکروب کی خاطر اور آپ کی اچھائی کی خاطر ایک ارب روپے کٹ موشن واپس تو نہیں کرتا لیکن اس پر ڈیبیٹ نہیں کرنا چاہتا، کیونکہ وہ بندہ دو سال مجھے ریگولر فون کر رہا تھا، میں لودھی صاحب کے پاس جاتا تھا، وہ کہتا تھا کہ میاں صاحب! دفتر آ جائیں، میں اس کے دفتر جاتا تھا تو وہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو فون کرتا تھا، میں تنگ ہو گیا، آخر میں آپ فوڈ منسٹر بنے، اللہ آپ کو خوش رکھے کہ چار سال میں وہ خاکروب میرا بھرتی ہوا، بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ جناب سپیکر، اس دور کو آئی ٹی کا دور کہا جاتا ہے لیکن ہماری اس وزارت نے اس میں خاطر خواہ اقدامات نہیں کئے ہیں۔ آئی ٹی کے لئے آئی ٹی پارکس کی بات کی گئی تھی، لاکھوں لوگوں کو روزگار کی بات کی گئی تھی، نئے مواقع پیدا کرنے کی بات کی گئی تھی لیکن وہ وعدے اسی طرح رہ گئے۔ جناب سپیکر، مختلف محکموں کے لئے کمپیوٹرائزیشن کی بات کی گئی تھی کہ یہ Transparency آئے گی لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ ہماری وزارت اتنی مضبوط نہیں ہے کہ ان کی مدد کر سکے، اس کے لئے ہم بیرونی کمپنیوں کی مدد لیتے ہیں جس کے لئے ہمیں کروڑوں روپے دینا پڑتے ہیں، اس سلسلے میں اس پر توجہ

دی جائے اور یہ جس طرح نعیمہ صاحبہ نے اسمبلی کے لئے تجاویز دی ہیں ان پر غور کیا جائے اور جو کورونا کی سیچویشن ہم نے گزاری ہے، اس میں ہم ایک Virtual meeting بھی Conduct نہیں کر سکے، کم از کم اسمبلی ممبران کے لئے سب سے پہلے جو پالیسی بناتے ہیں یا Decision making میں جو کردار ادا کرتے ہیں، جب ایسی سیچویشن اور حالات ہوں تو کم از کم آئی ٹی کے لئے وہاں پر اقدامات کرنے چاہئیں کہ وہاں پر کوئی Decision فی الفور ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں بھی منسٹر صاحب کی نہایت تہہ دل سے قدر کرتی ہوں، میں یہ سمجھتی ہوں کہ وہ ان Competent Ministers میں سے ہیں کہ جو کام کرنے کا لگن اور جستجو رکھتے ہیں، اسی وجہ سے میں ڈیپارٹمنٹ کو بڑی سیریس کچھ تجاویز پیش کرنا چاہتی ہوں۔ میرا یہ خیال ہے کہ ہم جس صوبے سے تعلق رکھتے ہیں کہ یہاں پر پچاسی فیصد دیہات پر مشتمل ہے، لہذا ہمیں آئی ٹی پر بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے، اس وجہ سے کہ کورونا کے بعد دنیا Digital universe کے طور پر سامنے آ رہی ہے، میرا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ اور منسٹر صاحب سے یہ سوال ہے کہ کیا اس موجودہ بجٹ کے اندر ہم نے اپنے صوبے کے لئے کوئی اس طرح کے نئے میگا پراجیکٹس ہم نے رکھے ہیں کہ ہم پنجاب اور سندھ کے ساتھ مقابلہ کر سکیں؟ اس وقت بد قسمتی کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ چونکہ پاکستان کے اندر Sixty five percent youth پر ہم Depend کرتے ہیں، تمام فنڈز پنجاب اور سندھ کے اندر جا رہے ہیں، پوری دنیا سے جتنے Billions of dollars جو فنڈز آئی ٹی ڈیپارٹمنٹس کے لئے یا آئی ٹی مدات میں آ رہے ہیں، Investors آ رہے ہیں، ان ساروں کا رخ پنجاب اور سندھ کی طرف ہے، آیا ہمارے پاس اس طرح کے کچھ پراجیکٹس ہیں کہ ہم ان International investors کو Attract کر سکیں؟ اس لئے کہ اس وقت دنیا پاکستان کے اندر Investment کرنے کے لئے تیار ہے، ہماری یہ بد قسمتی ہے کہ کورونا کے دوران ہم نے صرف چار بلین ڈالرز بزنس کیا جبکہ اگر ہم انڈیا کو دیکھتے ہیں، انہوں نے دو ڈھائی سالوں میں چالیس ارب ڈالر کا بزنس کیا، لہذا یہ ہمارے پورے ملک کے اندر عمومی طور پر لیکن خصوصاً ہمارے صوبے کے اندر آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے کمزور پہلو کی نشاندہی ہے۔ جناب سپیکر، آخر میں میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گی، ان کو میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے Work

from home جمعے کے دن رکھا لیکن اس کی Implementation کب سے شروع ہو گی، اس کے لئے کیا اقدامات اٹھائے جائیں گے؟ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ جس طرح دوستوں نے کہا کہ آئی ٹی کا شعبہ بڑا اہم اور اپنی اہمیت کا حامل اور ہمارا جو مستقبل ہے وہ Based ہے، ہم آئی ٹی میں کتنی ترقی کرتے ہیں، اس میں ہم کیا Revolutionary اقدامات اٹھائیں گے؟ ہماری جو نئی نسل ہے اس نے انفارمیشن ٹیکنالوجی کو لیکر دنیا کے نئے Horizons کو Explore کرنا ہے۔ منسٹر صاحب کا اور ان کی حکومت کا یہ وعدہ تھا کہ ہم آئی ٹی پارکس بنائیں گے، یہ پورا پشاور ایک آئی ٹی پارک ہو گا، آپ جہاں پر جائیں گے آپ کو Free WiFi ملے گی اور وہ اضلاع جہاں پر موبائل کے سگنلز نہیں ہیں وہاں پر موبائل کے سگنلز پہنچائیں گے، وہاں پر انٹرنیٹ ہو گی۔ قبائلی اضلاع کا میں بار بار Repeat نہیں کرنا چاہتا لیکن دوستوں نے کہا کہ قبائلی اضلاع میں ابھی تک انٹرنیٹ نہیں، قبائلی اضلاع تو کیا ہم اگر Settled area میں آ جائیں تو یہاں پر انٹرنیٹ کی کیا Facilities ہیں، کتنی تیز ہے، کتنی اچھی ہے؟ وہ ہم سب کو پتہ ہے۔ جناب سپیکر، جہاں تک ہم دیکھ رہے ہیں تو آئی ٹی کے ذریعے لوگ آئے روز نئی دنیا میں، ماڈرن دنیا میں نئی Applications بناتے ہیں، انڈیا کو آپ لے لیں، وہاں پر جدید نئے قسم کے Apps بنتے ہیں، جس پر وہ لوگ ایک ایک دن میں کروڑوں اور اربوں روپے کماتے ہیں، یہاں ہمارا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ اور منسٹر صاحب تو ویسے بڑے اچھے Good looking بندے ہیں لیکن میں جب ان کو Compare کرتا ہوں دوسرے ملکوں اور دوسرے صوبوں کے ساتھ کہ جہاں پر آئی ٹی میں کتنی ترقی ہوئی ہے؟ اس کے حساب سے ان کی پرفارمنس بڑی Poor ہے، ان کو میں زیادہ نہیں کہوں گا لیکن یہ صرف پچھلے سال کی اپنی تقریر اٹھالیں اور دیکھ لیں، I don't want to repeat anything، اپنی تقریر یہ پڑھ لیں، وہ سن لیں کہ انہوں نے کیا وعدے کئے تھے، یہ اربوں روپے لے کر کہاں لے جاتے ہیں؟ ہمیں تو یہی نظر آ رہا ہے کہ یہاں سے صوبائی اسمبلی سے آئی ٹی کے نام پر بجٹ منظور کرا کے پیسے وصول کر کے وہ صرف تحریک انصاف کے سوشل میڈیا پر لگائے جاتے ہیں، Social media influencers رکھے جاتے ہیں، ان کو تنخواہیں دی جاتی ہیں، اربوں روپے ان پر لگائے جاتے ہیں، کیا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا مقصد صرف یہی تھا کہ اس سے آپ اپنی جماعت، اپنی پارٹی، اپنی حکومت، اپنی پرسنل کارکردگی کی Projection کریں؟ تو پھر ایسے

ادارے کو بند ہونا چاہیئے۔ جناب سپیکر، داستان لمبی ہے لیکن میں مختصر کرتے ہوئے اتنا کہوں گا کہ آنریبل منسٹر صاحب اس طرف توجہ دیں، اسی مہینے کی بات ہے، آج سے تقریباً دو ہفتے پہلے آڈیٹر جنرل کی رپورٹ آئی ہے کہ آئی ٹی بورڈ آف خیبر پختونخوا کی اعلیٰ انتظامیہ نے بھرتیوں کو غیر قانونی قرار دیا ہے، اس میں جو Short listing کی گئی ہے، جن لوگوں کو اپوائنٹ کیا گیا ہے وہ Above the rules ہیں، اس میں انہوں نے قانونی تقاضے پورے نہیں کئے ہیں اور رپورٹ میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ اس میں جو لوگ ذمہ دار ہیں، ان کا تعین کر کے ان کو قرار واقعی سزا دی جائے اور تحقیقات کریں کہ یہ اس طرح کیوں ہوا، کس نے کیا اور اس کا ذمہ دار کون ہے؟ رپورٹ میں آخری سفارش یہ بھی تھی کہ آئی ٹی بورڈ آف خیبر پختونخوا میں 36 کروڑ 50 لاکھ روپے کی سنگین بے ضابطگی بھی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، اگر یہ حالات ہیں، جس ادارے کا ایم ڈی اس سیٹ کے لئے کوالیفائی نہیں کرتا ہو، آپ اپنے من پسند بندے کو بٹھا کر اس کو ایم ڈی لگا دیں، آپ کی مرکز میں حکومت تھی، صوبے میں آپ کی حکومت ہے، یہاں پر آپ منسٹر ہیں، اس کے ساتھ انیس (19) افسران کو آپ نے کسی کو ڈپٹی ایم ڈی، کسی کو ڈائریکٹر، کسی کو ڈپٹی ڈائریکٹر بٹھا دیا، میرے خیال میں یہ اس صوبے کے اربوں روپے کے ساتھ، اس صوبے کے خزانے کے ساتھ اور اس صوبے کے معصوم لوگوں کے وسائل کے ساتھ کھلواڑ ہے، میں امید رکھتا ہوں کہ مجھے جو ہمارے بھائی ہیں، وزیر ہیں، دوست ہیں، عاطف خان صاحب اس کا جواب بھی دیں گے اور ہماری تسلی بھی کرائیں گے، وہ ہمارے ساتھ On the Floor ایک Commitment بھی کرے گا ورنہ میں آج یہاں پر ایک بات بتا دوں، وزیر خزانہ صاحب تو ہنس ہنس کر بات کرتے ہیں، میں بھی آج ان کو اتنا بتا دوں کہ وزیر خزانہ صاحب، ہمارا ہر اعتراض آپ مذاق اور ہنسی میں اڑا دیتے ہیں، ہماری تجویز آپ ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتے ہیں، یاد رکھیں اگر آپ ہمارے پاس کوئی Option نہیں چھوڑیں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آپ یہ کس کو کہہ رہے ہیں؟

<u>جناب اختیار ولی:</u> میں ان سارے دوستوں کو جنہوں نے اس سے پہلے جوابات دیئے اور جو اس کے بعد اسی لہجے میں جواب دیں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> انفارمیشن پر بات کریں۔

<u>جناب اختیار ولی:</u> میں ان کو یہی کہوں گا کہ اگر ہمارے پاس کوئی Option نہیں بچے گا تو We are constrained، پھر مجبور ہیں کہ ہم ایک ایک جتنے ڈیمانڈز ہیں، جتنے خرچے ہوئے ہیں، اس پر مدعی بن

کر نیب کی کورٹ میں جائیں گے، اس کو ہم وہاں پر پھر چیلنج کریں گے اور یہ بھی یاد رکھیں کہ اب نیب کا جو چیئر مین ہوگا وہ سلیکٹڈ نہیں ہوگا، ان شاء اللہ وہاں سے ہمیں انصاف بھی ملے گا، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب احمد کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: شکریہ جناب سپیکر صاحب، بات کرنے کا Main مقصد یہی ہوتا ہے تاکہ منسٹر صاحب کے نوٹس میں کچھ باتیں آئیں اور وہ ان پر عمل کریں. ہماری کوشش رہتی ہے کہ ہم اپنے Provincial interests کو پراونشل گورنمنٹ کے سامنے رکھیں اور ان Provincial interests کو ہم Protect کریں۔ میری گزارش ان سے صرف یہی ہوگی کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آئی ٹی کا بڑا Important subject ہے، میری معلومات کے مطابق جتنی بھی فیڈرل اتھارٹیز ہیں، ریگولیٹری باڈیز ہیں، That come under the federal law is part II of the Federal Legislative List، میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہماری صوبائی حکومت کیونکہ منسٹر صاحب تو شاید ابھی آئے ہوئے ہیں، ہماری صوبائی حکومت نے ان ریگولیٹری باڈیز جو کہ فیڈرل لاء کے اندر ہیں، جن میں ہماری نمائندگی کا ہونا ہمارا آئینی اختیار ہے۔ جناب سپیکر، میں آپ کو مثال دیتا ہوں کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے نیچے پاکستان انجنیئرنگ کونسل ہے، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے نیچے Pakistan Water Resource Technology کا ایک بورڈ بنا ہوا ہے، اس طرح تقریباً کوئی پاکستان حلال اتھارٹی بنی ہوئی ہے، یہ تمام فیڈرل نے بنائی ہوئی ہیں، کیا ہماری صوبائی گورنمنٹ نے ان فیڈرل اتھارٹیز کے اندر Representation مانگنے کے لئے کوئی بات کی ہے یا نہیں؟ پاکستان آئی ٹی بورڈ فیڈرل نے بنایا ہوا ہے، اس میں ہماری Representation کا ہونا بہت ضروری ہے، ہم ان کو انڈیا یا کسی Developed country سے Compare نہیں کرتے لیکن ہم کہتے ہیں کہ آپ اپنا اختیار مانگیں، اس صوبائی حکومت کو ہم چار سال سے گزارش کر رہے ہیں، اپنی ٹانگوں پر کھڑی ہو، اپنے آپ کو مضبوط کریں، ہم ان کے آگے بڑی Positive اور Constructive باتیں لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ میری گزارش یہ ہوگی، بڑے سینیئر منسٹر ہیں، ہمیں توقع ہے، اگر انہوں نے کیا ہے تو That is well and good، اگر انہوں نے نہیں کیا ہے تو مہربانی کر کے کر دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ محترمہ بصیرت خان صاحبہ۔

محترمہ بصیرت خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈیپارٹمنٹ آج کل کے دور میں بہت اہمیت رکھتا ہے، چونکہ جدید دور ہے، اگر ہم Worldwide دیکھ لیں تو اس میں دن بہ دن ترقی ہو رہی ہے، اس میں New innovations ہو رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے ہمارے Merged districts کو اگر دیکھا جائے، جس طرح میرے باقی Colleagues نے بھی بات کی، 3G اور 4G تو دور کی بات ہے وہاں ہم شلمان زخہ خیل، میرے خیبر ایجنسی، ڈسٹرکٹ خیبر کی بازار زخہ خیل کی اگر میں بات کروں تو وہاں پر موبائل کے سگنلز بھی نہیں ہیں۔ جناب سپیکر، دوسری طرف اگر 2021-22ء کے بجٹ میں New merged districts کے لئے Citizen Facilitation Centers کے لئے جو پانچ سو ملین روپے رکھے گئے تھے جس میں سے ایک سال کے لئے صرف ایک ہزار روپے Allocate کئے گئے ہیں، منسٹر صاحب سے میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ اگر ایک طرف آپ اتنی بڑی اماؤنٹ رکھتے ہیں اور دوسری طرف آپ اس کے لئے ایک سال کے لئے ایک ہزار روپے رکھتے ہیں تو پھر یہ کونسا مذاق ہے؟ اگر آپ سچ میں چاہتے ہیں کہ وہاں پر ترقی آئے، وہاں پر ہمارے جو بچے ہیں یا جو وہاں پر Facilitation centers ہیں یا نادرا آفسز ہیں، جو ان کے لئے پیسے رکھے گئے تھے تو پھر اسی طریقے سے وہاں پر Use بھی ہونے چاہئیں۔ میری ایک Suggestion یہ ہو گی، ہم تو بات کر رہے ہیں کہ نیو ٹیکنالوجی ہے، بچے سیکھ رہے ہیں، ہمیں بھی ہونا چاہیئے لیکن ایک طرف اگر ہم انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ذمے یہ کہہ دیں کہ ہمارے بچوں کو Online businesses یا اس پر لگا لیں کیونکہ جو آج کل کے حالات ہیں، Drugs addiction بڑھ رہی ہے، ہمارے بچے اور چیزوں میں Involve ہو رہے ہیں، Instead of that یہ ان چیزوں میں Involve ہوں وہ Positivity میں جائیں لیکن Sometime internet پر ہماری گورنمنٹ کو، For sure انہوں نے اس پر Different initiatives لائے ہوں گے لیکن ہمارے بچے ایسے گروپ کے ساتھ Involve ہو رہے ہیں جو ہمارے ملک کے Against use کئے جا رہے ہیں، انہوں نے ان چیزوں کو بھی دیکھنا چاہیئے۔ اگر ہم دیکھ لیں تو آج کل بہت سے چھوٹے چھوٹے بچے پہلے وہ میٹرک اور ایف ایس سی یا ایف اے کے لیول کے سٹوڈنٹس PUBG games کھیلتے تھے، ابھی اگر آپ دیکھ لیں، ہر گھر میں پہلی، دوسری اور تیسری کلاس کے بچے کے ہاتھ میں موبائل ہو گا، PUBG game کھیل رہا ہو گا، ہم کس طرف جا رہے ہیں؟ ہمیں چاہیئے کہ ان چیزوں پر گورنمنٹ

Strictly پابندیاں لگائے کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری آنے والی نسلیں بہتری کی طرف جائیں نہ کہ ہمارے مخالفین جو ایسے ایجنڈے بنارہے ہیں کہ ہمارے بچوں کو وہ پیچھے دھکیلیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب بہادر خان صاحب، بہادر خان صاحب کا مائیک On کریں۔

جناب بہادر خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، زه یو دوه تجویزونه عاطف خان ته ورکوم۔ یو خو زمونږه هلته نیټ صحیح کار نه کوی، پکار ده چې په دې وخت کښې، په دې دور کښې هم نیټ کار نه کوی نو دواړه علاقې دی، د باجوړ سائډ دے او زمونږ د دیر لوئر سائډ دے، په هغې کښې صحیح کار نه کوی، بعضې ځایونه داسې شته دے چې په هغې کښې د موبائل سهولتونه نشته دے، لکه زه وایم چې مسکینئ او شاهی بچئ علاقه چې ده په دیکښې د موبائل سهولت نشته دے، چرته د کمپنئ ټاور وغیره هم هلته نشته دے، درخواست کوؤ چې د دې د پاره څه طریقه جوړه کړی، په دې دور کښې پکار ده د بهر کسان دی او هغه چې کله ټیلیفون کوی، د چا څه خبره کوی نو دوئ د هغې د پاره د بنار علاقې ته راځی، مایار ته یا ثمرباغ ته او د هغه ځائې نه خپلو ملګرو سره خبرې اترې کوی۔ چونکه دا د موبائل سهولت ډیر ضروری دے چې دغه علاقو ته لاړ شی، بل ټیکنیکل کالج دے زمونږه په صدبر کلی کښې، چې په هغې کښې د ټیچر سهولت نشته، یعنی ټیچر پکښې نشته دے، کالج جوړ شوے دے، پینځه شپږ کاله، لس کاله اوشو او هغه پرنسپل یا څوک پکښې تنخواه او هغه خرچې پرې کیږی، کمپیوټر هم شته دے، یو پکښې د بجلئ سهولت نشته دے، هلته بجلی نه وی، نو چې بجلی نه وی نو سولر سسټم شته دے، د واټر سپلائی تکلیف نشته دے، هلته پکښې صرف د ټیچرز کمے دے، مهربانی اوکړئ چې د دغه ټیچرز او هلته داسې سټوډنټس شته دی چې هر وخت پکښې د داخلې د پاره موجود دی، څوک داخله نه ورکوی، درخواست کوؤ چې کم از کم په دغه باندې په صحیح طریقې سره لږ یو Visit اوکړئ یا څه طریقه اوکړئ، دا د ټیکنیکل کالج ټیچران او د هغې هغه سهولیات چې په ښه طریقه برابر شی۔ کوم ځائې کښې چې د موبائل سهولت نشته، مسکینئ، شاهی بچئ په دیکښې خو هډو شته نه، نو په دې زه درخواست کوم چې زر نه زر په دې غور اوشی او د دې نیټ صحیح پروګرام سیټ شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: انفارمیشن تیکنالوجی د دې وخت د تقاضو او ضرورتو د پاره ډیر لوئې اهمیت لری، زمونږ د اپوزیشن طرف نه خوشدل خان صاحب او نورو ټولو ممبرانو تجاویز ورکړل، خصوصاً اختیار ولی خان هم د دوئ په نوټس کښې داسې خبرې راوستلې چې هغه د محکمې د پاره بهترې نه دی، بلکه په هغې باندې څه داسې د نقصاناتو خبرې اوکړې۔ جناب سپیکر، عاطف خان، Active Minister دے، زه نورې اضافی خبرې پرې نه کوم خو صرف دومره وایم چې څومره د اپوزیشن تجاویز دی، کوم ځائې کښې چې د کرپشن یا د غلطیانو نشاندهی ئے کړې ده نو عاطف خان نه زمونږه امید دے چې دوئ به په هغې باندې ایکشن اخلی او بیا چې څه پرې باندې اوکړی، نو بیا په مناسب وخت باندې په دې ایوان کښې د هغې اظهار اوکړی، که چرته واقعی په تقرری کښې په بل څه کښې څه شوی وی نو زما دا امید دے چې دوئ به راځی او دې ایوان ته به اعتماد سره خبره کوی، کوم چې د اپوزیشن تجاویز دی، هغه به هم خپل ځان سره واخلی۔ ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب نثاراحمد صاحب۔

جناب نثاراحمد: شکریه جناب سپیکر صاحب، د آئی ټی په حواله باندې به زه د خپلې علاقې او د Merged districts په حواله دومره اووایم چې زمونږ په New merged areas کښې خو د آئی ټی ډیر کمے دے خو د عاطف خان صاحب نه دا توقع ضرور کیدے شی، دوئ به زمونږ د غه مسائلو ته ډیر په سنجیدګئ سره توجه هم ورکړی، په دیکښې به څه ګامونه هم واخلی۔ زه به دا اووایم چې زما په New merged areas کښې او خصوصاً زما په ضلع مهمند کښې بیس فیصد نادرا شناختی کارډ څوک هم نه لری، بنیادی وجه دا ده چې هلته د نادرا د دفترو کمے دے خو که 3G او 4G یا زمونږ هلته د موبائل نیټ ورک صحیح شی نو زما یقین دے کم از کم چې که نادرا ته مونږ درخواست ورکړو نو هغه به خپل وین هغه علاقو ته اولیږی۔ جناب سپیکر، دا یو بنیادی سهولت دے چې د دې نه اهم خلق محروم دی، زما په علاقه کښې یو تیکنالوجی کالج دے خو په هغې کښې سولرائزیشن سسټم نشته، په هغې کښې د آئی ټی ډیپارټمنټ نشته، په هغې کښې پکار دا ده چې په ایکس فاټا کښې دومره زیات معدنیات دی چې که هلته

تاسو Skill ورکړئ، هلته په جدید سهولتونو سره هغوی ته ټریننګ ورکړئ، Skill ورکړئ، زما یقین دے د ایکس فاټا نه به یو کس هم بهر مزدورئ له لاړ نه شی۔ هغې کښې د ټولو نه ضروری خبره دا ده چې بنیادی طور آئی ټی ټیکنالوجی خپل ټول اثر و رسوخ په دې باندې راولی نو هله به مونږه د ترقئ په لار باندې روان شو۔ عاطف خان صاحب، زما تاسو نه دا توقع ده چې کم از کم مونږ ته 3G او 4G نیټ اولګوئ ځکه چې تیر ځل کښې په Covid-19 کښې زمونږه پینځلس زره سټوډنټس دا د خپل دغه نه پاتې شوی وو او هغوی په یونیورسټو کښې بروقت امتحان ورنه کړے شو ځکه چې هلته د 3G او د 4G سهولت نه وو، لهذا زما به خواست وی چې تاسو په دې باندې خصوصی توجه ورکړئ۔ زمونږ په New merged areas کښې اوس هم داسې ایریاز شته چې هلته موبائل سسټم کار نه کوی، موبائل سسټم نشته، هلته بوسټر نشته، مهربانی اوکړئ تاسو په دې باندې ډیر زیات زور واچوئ چې په تحصیل کښې بلکه په هر ځائې کښې، یواځې دا نه چې ټیلی نار وی، په هغې کښې جاز هم پکار دے، په هغې کښې یوفون هم پکار دے، د ټولو ځومره چې بوسټرې دی، دوئ ته خصوصاً اجازت ورکړئ چې هلته بوسټرې اولګوی، 3G او 4G نیټ عام شی، مونږه ته د نادرا نه کم از کم د شناختی کارډ بنیادی سهولت ملاؤ شی، ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صاحبزادہ ثناءاللہ صاحب۔ حافظ عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، فاٹا کے جو Merged اضلاع ہیں، ان میں یقیناً انفارمیشن ٹیکنالوجی کے حوالے سے بہت محرومی ہے۔ یہاں تو یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کو مزید وسعت دی جائے، 3G اور 4G کو مزید یعنی ہر چیز کو آئی ٹی پر لایا جائے جبکہ وہاں پر ہمارا حال یہ ہے کہ پوری پوری تحصیلیں، شوال تحصیل ہے، مکین تحصیل ہے، سرہ روغہ تحصیل ہے، سروکائی تحصیل ہے، ایسی پوری پوری تحصیل، تحصیل تیارزہ جو محروم ہیں، وہاں پر Call کی سہولت بھی نہیں ہے، ہمیں سمجھ نہیں آتی ہے کہ ہم کس دنیا میں رہتے ہیں، ہم پاکستان میں ہیں یا کہیں اور کسی دنیا میں رہتے ہیں؟ جناب سپیکر، افغانستان نے بھی ابھی اتنی ترقی کی ہے کہ وہاں کوئی بھی شاید ایسے علاقے نہ ہوں جہاں Call کی سہولت نہ ہو، وہاں صورتحال یہ ہے کہ باقاعدہ لوگ دھرنے کرتے ہیں، کس کے لئے؟ یہاں ٹاور نصب کئے جائیں، Call کی سہولت ہمیں دی جائے، بعض ایسے علاقے ہیں جہاں پر

سہولت ہے لیکن وہ سہولت بند کی جاتی ہے، اس کی جو Power ہوتی ہے وہ کم کی جاتی ہے، پتہ نہیں، اس سے تو علاقے میں امن کی بحالی ہوتی ہے لیکن وہاں یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ آئی ٹی امن میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمیں منسٹر صاحب سے یہ توقع ہوگی کہ آئی ٹی کے حوالے سے جنوبی وزیرستان میں محسود ایریا کے جو علاقے نیٹ کے حوالے سے محروم ہیں یا وہاں موبائل کی سہولت نہیں ہے، ان شاءاللہ ہم رہنمائی کریں گے لیکن افسوس یہ ہے کہ یہاں پر بار بار یہ شکایت آتی ہے کہ علاقے کے نمائندگان سے مشورہ نہیں ہوتا ہے، اگر یہ ہوتا تو ان شاءاللہ یہ نوے (90) فیصد مسائل حل ہوتے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Honourable Atif Khan Sahib.

وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی: بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب، اسمبلی میں یہ ڈسکشن یا بحث اس وجہ سے بھی اچھی ہوتی ہے کہ بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن سے ہمارے علم میں اضافہ بھی ہوتا ہے، اسی طرح بہت سے ممبران کے علم میں بھی اضافہ ہوتا ہے، بہت سی چیزوں کا بندے کو پتہ نہیں ہوتا، اچھا ہے کہ کم از کم وہ چیزیں سامنے آجائیں۔ اس میں کچھ تو ایسی چیزیں بھی ہیں کہ جن میں میں اگر ایک ایک کی Broader explanation دے دوں تو ہو سکتا ہے کہ وہ کئی ایم پی ایز صاحبان کی وہ Queries clear ہو جائیں گی، الگ الگ سے جواب دینا نہیں پڑے گا۔ انٹرنیٹ کی Facilities کا یا موبائل ٹاورز کا ہم لوگوں کو تھوڑا سا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تمام خواتین ذرا باتیں کم کریں، ملیحہ اصغر صاحبہ، آپ Continuously باتیں کر رہی ہیں۔

وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی: Differentiate یہ ہونا چاہیئے کہ آئی ٹی ٹاورز کا یہ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے جس کے بارے میں یہ موشن ہے، اس کا ٹاورز سے یا پرائیویٹ موبائل آپریٹر سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ تو اپنی Feasibility کو دیکھتے ہیں کیونکہ ان کا پرائیویٹ بزنس ہوتا ہے، وہ جہاں پر Feasible سمجھتے ہیں وہ وہاں پر ٹاور لگاتے ہیں، جہاں پر وہ Feasible نہیں سمجھتے وہ وہاں پر ٹاور نہیں لگاتے، یہ تو ان کا ایک پرائیویٹ بزنس ہے، اس میں فیڈرل گورنمنٹ کا یا صوبائی حکومت کا یا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا، یہ تو ایک سو فیصد PTA Responsibility کی ہے اور جو پرائیویٹ کمپنیز ہیں، یہ ان کی Responsibility ہے۔ دوسرے نمبر پر جو Internet provision ہے یا Internet line provide کرنی ہے تو یہ فیڈرل گورنمنٹ کا ایک ادارہ بنا ہے جس کو USF بولتے ہیں، Universal

Services Fund، وہ تمام ٹیلی کام کمپنیز سے ٹیکس وصول کرتا ہے، اس ٹیکس کے پیسے سے جہاں پر Internet feasible نہیں ہوتا تو USF جو سرکاری ادارہ ہے، ان سے ٹیکس وصول کر کے وہاں پر وہ نیٹ بچھاتا ہے، باقاعدہ اس کا ٹینڈر ہوتا ہے، پرائیویٹ کمپنیز کو ٹھیکہ دیتا ہے، USF جو یونیورسل سروس فنڈ ہے یہ اس کا کام ہے۔ میں جب آئی ٹی منسٹر بنا تو میں نے پہلا کام یہی کیا کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ اکثر جگہوں پر یہ 3G / 4G کا بھی پرابلم ہے، انٹرنیٹ لائن کا بھی پرابلم ہے، میری پہلی ملاقات جب میں اگلے دن گیا، میں نے فیڈرل آئی ٹی منسٹر سے ملاقات کی، وہ تو اس وقت ہمارے Coalition partner تھے، ان کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اسی وقت، میں نے ان کو اپنے صوبے کے حساب سے Requirements دیں کہ یہ یہ ہماری Requirements ہیں، Obviously merged areas میں بہت زیادہ ہیں، بہت سے ایسے ایریاز ہیں، ٹانک ہے، چترال ہے، تو وہ میں نے ان کو کافی Requirements دیں کہ یہاں پر لائنز یونیورسل فنڈ کے ذریعے بچھائی جائیں لیکن ان کا Again شکریہ کہ ان جگہوں کے ٹینڈرز ہو گئے ہیں، میں ابھی آپ کو بتا دیتا ہوں، یہ ہیں مہمند ایجنسی اور خیبر ایجنسی، خیبر ایجنسی میں دو ارب روپے کا یونیورسل سروس فنڈ کی طرف سے ٹھیکہ ہو گیا ہے۔ (تالیاں) مہمند چوراسی (84) کروڑ کا، نارتھ وزیرستان کا ایک سو بانوے (192) ملین، ساؤتھ کا نوے (90) ملین، کرم بانوے (92) ملین کا، چترال ایک اعشاریہ تین (1.3) ملین، صوابی پانچ سو پچپن (555) ملین، سوات سات سو اکیاسی (781) ملین، بنوں دو سو ایک (201) ملین، بونیر اور اورکزئی کو انہوں نے Next phase میں ڈالا ہے کیونکہ ان کے پاس بھی Obviously limited fund ہوتا ہے، یہ سارا انہوں نے ٹینڈر کر دیا ہے، ان جگہوں پر ان شاءاللہ جلد ہی انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہو جائے گی۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ جو ٹورسٹس ایریاز ہیں، ان کے لئے میں نے ان سے Specific request کی ہے کیونکہ ٹورسٹس ایریاز میں انٹرنیٹ کے علاوہ آج کل بڑے اور چھوٹے نہیں رہتے، جیسے ہی Wifi ختم ہوتی ہے تو وہاں سے لوگ جاتے ہیں، جناب سپیکر، پہلے جب لوگ کہیں جاتے تھے تو قبلے کا پوچھتے تھے کہ جی قبلہ کس طرف ہے؟ نماز پڑھنی ہے، آج کل جہاں لوگ جاتے ہیں تو پہلے Wifi کا پاس ورڈ پوچھتے ہیں کہ Wifi کا پاس ورڈ کیا ہے؟ اس چیز کے اتنے لوگ عادی ہو گئے ہیں، جب لوگ ٹورسٹس ایریاز میں تین چار، پانچ دن کے لئے جاتے ہیں، وہاں پر انٹرنیٹ نہ ہو تو وہ جلدی واپس آتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ زیادہ رہیں تاکہ صوبے کو زیادہ Benefits ملیں، ہم نے ان سے خصوصاً ٹورسٹس ایریاز کے لئے ریکویسٹ کی

ہے، امید بھی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ کیونکہ ابھی تو وہ ہمارے Coalition partners نہیں ہیں، ہو سکتا ہے اپنے وعدے سے مکر جائیں تو پھر میں آپ لوگوں سے ریکویسٹ کروں گا کیونکہ اب وہ آپ لوگوں کے Coalition partners ہیں، اگر وہ اس پر کام کر لیں جو ٹور سٹس ایریاز ہیں، میرے خیال میں صوبے کے لئے فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اس میں میرے خیال میں آپ کی Mostly جو انٹرنیٹ سے Related چیزیں تھیں وہ حل ہو جائیں گی۔ جناب سپیکر، نگہت اورکزئی صاحبہ نے پوچھا کہ سوشل میڈیا کے لوگ رکھے گئے ہیں، اس کا بھی میں تھوڑا سا Clarify کر دوں۔ دیکھیں، پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ٹیم آپ کو جو اتنی زیادہ Effective یا اتنی زیادہ ہر جگہ اس کی Presence ہے یا اتنی زیادہ چونکہ Youth ہے اور پی ٹی آئی کے Mostly supporters نے اس سے پہلے بطور پارٹی سب سے زیادہ اور سب سے پہلے اس سوشل میڈیا کو Use کرنا شروع کیا ہے، مجھے یاد ہے کہ 2008-09ء میں پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ٹیم بنی تھی، اس کے تین چار، پانچ سارے اچھے اور Young لڑکے Volunteers ہیں، وہ اس میں سٹارٹ ہوئے تو پھر اسی طریقے سے یہ سسٹم بڑھتا گیا، اگر سوشل میڈیا میں Active participation ہے یا بہت Strong team ہے تو اس کی وجہ یہ نہیں ہے کہ کوئی خیبر پختونخوا کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ ان کو کوئی فنڈنگ کرتا ہے، اس وجہ سے وہ Strong team ہے، یہاں آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ٹیم سے کوئی Financial transaction نہیں ہے، کسی کو نہ پیسے ملتے ہیں نہ کسی کو ایک روپے بجٹ ملتا ہے، اس کا کسی سے کوئی تعلق نہیں، وہ Young لوگ ہیں، لڑکے ہیں، لڑکیاں ہیں اور وہ خود ہی اپنی طرف سے Volunteers ہیں، ان کو جو اچھا لگا وہ اس میسج کو آگے پہنچاتے ہیں، ان پر کسی کی پابندی نہیں ہے، جو ان کو اچھا لگا وہ اس چیز کو آگے Forward کرتے ہیں، Viral کرتے ہیں، جو چیز ان کو بری لگتی ہے وہ اس کو Negate کر دیتے ہیں، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ جناب سپیکر، بٹنی صاحب نے ایک بات کہی جو کہ یہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا ہے، میرے خیال میں اس کا ترند صاحب اگر بعد میں جواب دینا چاہیں تو وہاں پر وہ کمپیوٹر ضرور لگا ہوا ہے لیکن اس کا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے کوئی کام نہیں ہے، مطلب یہ Differentiate کرنا کہ یہ نہیں کہ جہاں پر کمپیوٹر لگا ہو تو وہ ہر ایک چیز آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے Under ہو گی، وہ سوال ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا ہے، آپ کو وہ اس کا جواب دے دیں گے۔ شگفتہ بی بی نے کہا کہ جی ہمیں کچھ نظر نہیں آرہا، میرے خیال میں بیٹھی ہوئی ہیں، میں ابھی آپ کو بتا بھی دیتا ہوں کہ جو جو چیزیں ہو رہی ہیں، پہلے تو میں آپ کے کوئسچنز کا Answer

کر دوں تو پھر اس کے بعد میں آپ کو یہ بھی بتادوں گا لیکن Mostly اس میں یہ ہوتا ہے کہ اس سے زیادہ تر جو آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ میں جو لوگ جن سے باخبر ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نادیہ شیر صاحبہ، باتیں نہ کریں، ملیحہ اور نادیہ، آپ Continuously باتیں کر رہی ہیں۔

وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی: جو آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے Mostly باخبر لوگ ہوتے ہیں، وہ چونکہ Youth ہیں، اس وجہ سے شاید شگفتہ بی بی کو زیادہ پتہ نہ ہو، مجھے بھی اتنا زیادہ پتہ نہیں ہوتا، اگر آپ Youth سے پوچھیں تو ان کو پتہ ہوگا، ہم لوگوں کو Mostly کوئی پتہ نہیں ہوگا، ہم لوگ ابھی اس brackets میں نہیں آتے۔ اچھا، نعیمہ کشور صاحبہ نے بات کی کہ Sims بلاک کئے جائیں یا وہاں سے Threats آتی ہیں کہ Again Sims blocked کرنا، مجھے پچھلے دنوں ایک دوست نے کہا کہ سوشل میڈیا پر کوئی چیز چل رہی ہے، آپ اس کو بلاک کر دیں، میں نے کہا کہ صوبائی حکومت کے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا اس سے کوئی کام نہیں ہے، اس کے لئے ایف آئی اے میں Cyber crime کا ایک Wing بنا ہوا ہے، یہ کام Basically ایف آئی اے کا ہوتا ہے، صوبائی آئی آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا، Sims بلاک کرنا بھی آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا یا صوبے کے اختیار کی بات نہیں ہے، یہ چیزیں فیڈرل گورنمنٹ کی ہوتی ہیں، ایف آئی اے اس کو کرتا ہے۔ خوشدل خان صاحب نے آئی ٹی سکولوں کی بات کی، یہ اگر Kindly مجھے Confirm کر دیں، اس طرح ہے کہ اگر سکولوں میں آئی ٹی کی Facility ہو تو وہاں پر آئی ٹی ٹیچرز بھی Recruit ہوتے تھے، جب میں ایجوکیشن منسٹر تھا، تقریباً کوئی چودہ سو Labs بنی تھیں، صرف میں Comparison کے لئے بتادیتا ہوں کہ اس دور میں جو میں نے پوچھا کہ آئی ٹی کی کتنی Labs ہیں؟ مجھے Officially ڈیپارٹمنٹ سے یہ بتایا گیا کہ Seventy nine IT labs بنی ہیں، اس کے بعد Fourteen hundred IT labs بن گئی ہیں، اگر اس میں کوئی کمی بیشی ہو تو یہ ضرور مجھے بتائیں، وہ چاہے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے Related ہو یا آئی ٹی کا، اس میں اگر کوئی Contribution ہو تو اس میں خوشدل خان صاحب ضرور جو بھی Efforts ہو سکتی ہیں وہ کریں گے۔ اختیار ولی صاحب نے ایک فاٹا کے سگنلز کی بات کی لیکن جو انہوں نے آئی ٹی بورڈ کی انکوائری کے حوالے سے بات کی تو میں ان کو ضرور ویلکم کرتا ہوں، میں تو خود چاہتا ہوں اور خوش ہوتا ہوں کہ جو چیز سامنے آتی ہے اس میں اگر کسی کا قصور ہے تو اس کو میں Ensure کراتا ہوں کہ اس کو زیادہ سے زیادہ سزا ملے کیونکہ اگر میں ایک چیز میں ملوث

نہیں ہوں تو فائدہ کوئی اور اٹھائے اور سزا مجھے ملے، بے عزتی میری ہو، میں تو یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا، کوئی بھی برداشت نہیں کرے گا۔ یہ جن رپورٹس کی بات کر رہے ہیں، بے شک آڈیٹر جنرل نے رپورٹ دی ہے، اس کا Reply بھی دیا ہوا ہے، اب اس میں صرف ایک Difference ہے اور وہ Difference یہ ہے کہ جو کچھ Irregular خرچے ہوتے ہیں جو کہ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھ کر اس کا طریقہ ٹھیک کرنا ہوتا ہے اور کچھ کرپشن ہوتی ہے، ان دو چیزوں کو ضرور Differentiate کرنا چاہیئے کہ اگر کوئی Irregular خرچے ہوتے ہیں، جب اکاؤنٹس والے آپس میں بیٹھتے ہیں تو وہ اکثر ان چیزوں کو Reconcile کرتے ہیں اور وہ کرپشن میں نہیں آتیں۔ جناب سپیکر، ریکروٹمنٹ کی بات ہوئی، مسئلہ یہ ہے کہ یہاں پر جو بھی ادارہ بن جاتا ہے، اس ادارے کے اندر مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے، چونکہ ہماری سوسائٹی اس طرح کی ہے، ہم لوگ ایک دوسرے کو Protect کرتے ہیں، اگر کوئی غلط بھی ہو اور وہ میرا ہو تو وہ ٹھیک ہے، وہ صحیح ہے اور اگر کوئی ٹھیک بھی ہو اور وہ میرا نہیں ہے تو وہ غلط ہے، اسی طرح آئی ٹی بورڈ میں بھی سارے نہیں، کچھ Employees کے بارے میں کمپنی کی طرف سے شکایت آئی، اس کے اوپر ہم نے ایکشن لینا شروع کیا کہ یہ تو کوئی بات نہیں ہے کہ ایک آدمی آئی ٹی بورڈ کا Employee بھی ہے اور وہ کسی کے ساتھ Partnership میں یا کسی اور دوست کے Through یا بھائی کے Through آئی ٹی بورڈ کے ٹھیکے لے رہا ہے، اس کے اوپر ہم نے سختی شروع کی، جب بھی آپ سختی شروع کرتے ہیں تو اس کا ضرور کچھ نہ کچھ فائدہ بھی ہوتا ہے لیکن نقصان یہ ہوتا ہے کہ وہاں سے تنازعات شروع ہو جاتے ہیں، اگر آپ کسی کو Touch نہ کریں، کسی کے خلاف ایکشن نہ لیں تو کوئی بھی کچھ نہیں کہے گا، ہر ایک چیز اس طرح چلتی رہے گی، بس اللہ اللہ خیر، آئی ٹی بورڈ کے کچھ Employees ہیں جن کے خلاف Irregularities کی یا کرپشن کی انکوائریاں ہو رہی ہیں اور وہ ہر جگہ پہنچتے ہیں، مجھے یہ عجیب سی بات لگتی ہے، ہم جتنے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، شریف آدمی کی کوئی سفارش نہیں کرتا، جو جتنا زیادہ کرپٹ آدمی ہوتا ہے وہ ہر ایک کے پاس سفارش کے لئے پہنچ جاتا ہے، اس کی ہر آدمی سفارش بھی کرتا ہے، یہ عجیب سی بات ہے، یہ جو آئی ٹی کے دو تین لوگ ہیں، یہ ہر جگہ پہنچے ہیں اور یہاں تو چھوڑیں اسلام آباد تک سفارش کے لئے پہنچ گئے ہیں لیکن میں نے یہ کہا ہے کہ اگر آپ نے کوئی بھی غلط کیا ہے، آپ کو اس کی سزا بھگتنی پڑے گی، اگر چاہے وہ کسی بھی Employee نے غلط کیا ہو، اس کو بھی اس کی سزا ملنی چاہیئے، میرا کوئی رشتہ دار نہیں ہے، میرا کوئی دوست نہیں ہے، میں نے کسی پارٹی کے ورکر کو وہاں پر بھرتی نہیں کیا ہے، جو ریکروٹمنٹ ہوئی ہے۔

اختیار ولی صاحب نے کہا کہ جی دو سال پہلے آپ نے تقریر کی تھی، دو سال پہلے تو میں آئی ٹی کا منسٹر تھا ہی نہیں، میں تو پچھلے سال آئی ٹی کا منسٹر بنا، میں تو پچھلے سال ہی تھا اور اس میں جو ریکروٹمنٹ ہوئی ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ اگر اس میں کوئی غلطی ہوئی ہو اور میں اس کی Responsibility نہیں لوں تو اس کے اوپر ضرور انکوائری ہو گی، ان شاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ ان کے اوپر کارروائی ہو گی، میرے خیال میں اختیار ولی صاحب کے لئے اتنی Clarification کافی ہونی چاہیئے۔ فیصل کنڈی صاحب نے کہا کہ فیڈرل ادارے میں ہمارے صوبے کی ضرور Representation ہوتی ہے کیونکہ پاکستان کے لیول پر جو بھی بورڈز بنتے ہیں، ان میں ہر ایک صوبے کی Representation ضرور ہوتی ہے، پھر وہی سگنلز یا فاٹا کے بارے میں درانی صاحب نے بھی ان چیزوں کا ذکر کیا، Mostly اگر کوئی Specific problem ہو تو بالکل بول سکتے ہیں۔ نثار مہمند صاحب نے ٹیکنالوجی کالج کا کہا، مجھے آپ یہ تھوڑا سا Clarify کریں گے کہ یہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ہے یا ٹیکنیکل کالج ہے؟۔۔۔۔۔

<u>جناب نثار احمد</u>: یہ ٹیکنیکل کالج ہے۔

<u>وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی</u>: ٹھیک ہے، اگر ٹیکنیکل کالج ہے، اس میں آپ کو آئی ٹی کا جو کچھ بھی چاہیئے وہ دیں گے۔ اب میں آتا ہوں، کچھ دو تین، چار بڑی چیزوں پر Apart from criticism یا کوئی Negative بات کرنے کے، میں صرف آپ کو کیونکہ ساروں نے یہی کہا کہ آج کے لئے آئی ٹی بہت Important ہے لیکن Future کے لئے بھی بہت Important ہے، اس میں Basically چار جو ہمارے Main pillars ہیں جناب سپیکر، پہلا تو یہ ہے کہ آئی ٹی کو استعمال کر کے گورنمنٹ اپنی پرفارمنس کو کیسے بہتر کر سکتی ہے، اس میں کتنی Transparency لا سکتی ہے، اس میں کتنی Efficiency لا سکتی ہے، اس میں کرپشن کتنی Minimize کر سکتی ہے؟ اس کے لئے ہم نے ایک پلان کیا ہے، بلکہ پلان کیا، ان شاء اللہ دو تین دن بعد کچھ لوگ اس میں آنے تھے لیکن Date دو دفعہ Change ہوئی، فائنل ابھی Wednesday کو اس پر کنٹریکٹس ہونے ہیں، اس میں صوبے کا جو سب سے بڑا اور ایک بہت بڑا Jump ہوگا، وہ Paperless governance کا ہو گا، Paperless governance کا جو پراجیکٹ ہے اس کا ٹینڈر بھی ہو گیا ہے، اس کا کنٹریکٹ بھی Wednesday کو Sign ہو جائے گا ان شاء اللہ، ہمارے جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں، تقریباً کوئی ساڑھے چار ہزار سرکاری لوگ ہیں، یہاں پر ذکر ہوا کہ اکثر سرکاری لوگ آئی ٹی کے عادی نہیں ہیں، آئی ٹی کے لئے ساڑھے چار ہزار

لوگوں کو اس میں Trained کرنا ہے، تاکہ وہ اس سسٹم سے آشنا ہو سکیں، اس پر وہ کام کر سکیں۔ اس میں جو Main بات ہے کہ Digital governance کی طرف ہم جائیں، Different departments میں یہ جو فائل ہوتی ہے، بلکہ کل ہی سی ایم صاحب نے Electronic summary کی منظوری دی ہے، اس کی Inauguration کی ہے۔ جناب سپیکر، وہ جو تسمے والی فائل ہوتی تھی، اس فائل سے جان چھڑانی ہے کیونکہ مسئلہ سارا اس فائل میں ہے (تالیاں) اور ہوتا یہ ہے کہ جی وہ فائل فلاں کے ٹیبل پر پڑی ہوئی ہے، وہاں لوگ سفارش کے لئے پہنچ جاتے ہیں اور کچھ اوروں کو خوش کرنے کے لئے بھی، وہ سارا Electronic ہو گیا ہے، ایک دو مہینے دونوں فائلیں چلیں گی، پھر ہم اس کو Totally electronic کی طرف لے آئیں گے، اس میں پوری فائل کی سمری کی Exact detail ہو گی کہ یہ کب Generate ہوئی ہے، کتنے کتنے دن کس کے پاس رہی ہے؟ اگر اس Specific time سے تین دن سے زیادہ اگر ایک سیکرٹری کے پاس یا کسی کے ٹیبل پر وہ رہتی ہے تو وہ Automatically electronically اس کا Alert generate ہو گا، اس کی وارننگ آئے گی، کافی چیزیں اس سے بہتر ہونا شروع ہو جائیں گی، کیونکہ یہ سارا مسئلہ جو ٹیبل پر سمری پڑی ہوتی ہے اور Late کر دیتے ہیں، کسی کو پتہ نہیں ہوتا، پھر جب سمری ادھر میں ٹیبل پر رکھوں گا تو کبھی کوئی پہنچ جائے گا کہ منسٹر صاحب کے پاس سمری پڑی ہوئی ہے، سیکرٹری صاحب تو پھر کوئی آ کر کچھ Offer کرے گا، کوئی کچھ Offer کرے گا تو اس کی Accountability کے لئے Digital governance کا یہ میں Again کہہ رہا ہوں، یہ پورے پاکستان میں پہلا صوبہ ہے جو کہ Digital governance کی طرف جا رہا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ Wednesday کو اس کا کنٹریکٹ بھی ہو جائے گا۔ (تالیاں) پھر دوسرے نمبر پر Citizen facilitation، اب Again IT کو Use کر کے Citizen کو کیسے Facilitate کیا جا سکتا ہے؟ گورنمنٹ اور جو Citizen کا آپس کا Linkage ہے، آئی ٹی کو Use کر کے تو ان شاء اللہ Citizen facilitation center کا بھی Again کنٹریکٹ ہو رہا ہے، ہمارا Wednesday کو نادرا کے ساتھ کنٹریکٹ ہو رہا ہے، نادرا اس کو Run کرے گا کیونکہ ان کی Expertise ہیں، بیس آفس۔ ہم Provide کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ اگلے سال Twenty citizen facilitation سارے ضلعوں میں Obviously تو نہیں ہو سکیں گے لیکن ہماری یہ کوشش ہو گی کہ Citizen facilitation centers قائم ہو جائیں، وہ بالکل ایسا ہو گا جس طرح نادرا کا آفس ہوتا ہے، وہاں پر اچھا ٹھیک ٹھاک آفس

ہو گا، آپ فیس جمع کرائیں گے، آپ کو ٹوکن ملے گا اور جو بھی گورنمنٹ کی سروسز ہوتی ہیں، Initially چار مہینے میں آج سے چار مہینے میں چار ڈیپارٹمنٹس کے اور انیس (19) جو سروسز ہیں جو گورنمنٹ Provide کرتی ہے، وہ ان کو ایک اچھے ماحول میں ملیں گی، اس میں سے کچھ چیزیں ایسی ہوں گی کہ جس کے لئے آپ کی Physical presence کی ضرورت نہیں ہوتی، وہ آپ موبائل ایپ کے ذریعے گھر سے بیٹھے ہوئے بھی وہ چیز حاصل کر سکتے ہیں جناب سپیکر، مثال کے طور پر بہت سے ملکوں میں یہ شروع ہو گیا ہے، میں ترکی گیا تھا، وہاں پر ان کا ہے، دوبئی میں ہے، بہت سے ملکوں میں ایک App (ایپ) ہوتا ہے، بہت سی گورنمنٹ کی Facilities ہیں، جو آپ نے Payment کرنی ہے، آپ نے Identification کرنی ہے، وہ آپ موبائل کے ذریعے کریں، اس کا آپ کو سرٹیفیکیٹ مل جاتا ہے، اس کے لئے آپ کو دفتروں میں جانے اور خوار ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ دوسرا اگر Physical presence کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ بھی ان شاء اللہ تعالیٰ دفتر ایک دن بند جاتا ہے، دوسرے دن جاتا ہے، تیسرے دن جاتا ہے او جی ھغه کلرک نشته، جنازې له تلے دے، کلرک نشته هسپتال ته تلے دے، فلانے نشته، دلته تلے دے، په اخره کښې چې پینځه زره روپئی ورکړې نو بیا ټول کارونه اوشي، کم از کم که فرض کړه د ھغې، اس کی اگر پانچ سو روپے فیس بھی ہو تو پانچ سو روپے بھی حکومت کو آئیں گے، لوگوں کو جو خواری ہوتی ہے یا وہ جو وہاں پر ان کی ذلت ہوتی ہے یا وہ جہاں پر رشوتیں دی جاتی ہیں، اس کا بھی، ہمارا ٹارگٹ یہ ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ سات مہینے کے اندر اندر بتیس (32) ڈیپارٹمنٹس اور ایک سو اناسی (179) سروسز کو ہم Digitalize کر دیں گے (تالیاں) کیونکہ یہ بہت بڑا پراجیکٹ ہے لیکن یہ کہ عام Citizen کو ان شاء اللہ اس میں کافی فائدہ ہو گا۔ اس کے علاوہ جو ٹریننگ کا Component ہے جناب سپیکر، یہاں پر انڈیا کی بہت بات ہوئی کہ انڈیا کیوں آئی ٹی کے سیکٹر میں Specifically زیادہ آگے ہے؟ انڈیا کے پاس Trained لوگ ہیں اور وہ پوری دنیا میں جتنی ٹاپ کی کمپنیز ہیں، ان میں تو CEOs بھی ہیں، ہم نے آئی ٹی کے لئے پہلا ٹارگٹ رکھا ہے کہ لوگوں کو Train کریں، ہم نے ان کو بڑھانا ہے، میں Again خوشی سے اور Proudly الحمد للہ یہ کہہ رہا ہوں کہ ہم نے ایک لاکھ آئی ٹی نوجوانوں کی ٹریننگ کے لئے ایک سال کے لئے آٹھ ارب روپے کا بجٹ بھی Approve ہو گیا ہے، ایک سال کے اندر اندر ان شاء اللہ ان کو ٹریننگ دیں گے، اس میں Different قسم کی ٹریننگز ہیں، وہ پرانے زمانے کی نہیں جو آج کل کے حوالے سے

بالکل نئی ٹریننگز ہیں، Artificial intelligence ہے، Internet of things ہے، سائبر سیکیورٹی ہے۔ جناب سپیکر، یہاں پر Digital economy کی بات ہوئی، یہ ساری چیزیں جن کی آج کل ڈیمانڈ ہے، آئی ٹی انڈسٹریز سے جو بھی Related ہے، مجھے لوگ آکر کہتے ہیں کہ یہ پچھلے دو سال میں یا تین سال میں آئی ٹی کی ڈیمانڈ اتنی بڑھ گئی ہے کہ جس بندے کو وہ دو لاکھ روپے تنخواہ دیتے تھے، آج وہ تین یا چار یا پانچ لاکھ روپے بھی نہیں لیتا لیکن Qualified لوگ چاہئیں۔ ایک ہمارا Main component یہ بھی ہے کہ ان شاء اللہ ہم ایک لاکھ لوگوں کو Train کریں، ان میں Basic level کے کچھ ہیں، کچھ Medium category کے ہیں اور کچھ Advanced جو Nanodegree جن کو کہتے ہیں ان کے ساتھ ان شاء اللہ وہ بھی Contract Wednesday کو ہو جائے گا، میں آپ سب کو Invite بھی کرتا ہوں، آپ جو بھی اگر آنا چاہیں تو ہمارے لئے خوشی کی بات ہو گی۔ آخری چیز، اس میں Sorry ایک چیز رہ گئی، یہاں پر Merged areas کا ذکر ہوا، اس میں ہم نے خصوصاً جو ایک لاکھ نوجوان ہیں، اس میں ہم نے خصوصاً Merged areas کے لئے الگ کوٹہ رکھا ہوا ہے، فیمیل کے لئے الگ کوٹہ رکھا ہوا ہے، Disabled کے لئے الگ کوٹہ رکھا ہوا ہے کہ کوئی اس میں سے رہ نہ جائے، جو بھی اپنی تعلیم کے مطابق اپنی Interest کے مطابق اور یہ کوئی سالوں کی ٹریننگ نہیں ہو گی، یہ ٹریننگ تین سے چھ مہینے کی ہو گی اور ان شاء اللہ یہ آپ دیکھیں گے کہ اگر ایک لاکھ لوگ ایک سال کے اندر اندر Trained ہو جاتے ہیں تو پھر آپ ان شاء اللہ اگر ان کی Salary کا اندازہ لگائیں، پچاس ہزار روپے وہ بھی Average، یہ ایک سال کے اربوں روپے بن جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، آخری چیز، آئی ٹی کے وہ جو انفراسٹرکچر پراجیکٹس ہیں، ان میں سب سے بڑی چیز Special technology zones، ہر ایک چیز اتنی Specialized ہو گئی ہے کہ عام انڈسٹریل اسٹیٹ میں یا عام پلازہ میں جو آئی ٹی کی ٹاپ کمپنیز ہوتی ہیں وہ نہیں آتیں، ان کے لئے آپ کو Specifically اس جیسا ماحول دینا پڑتا ہے، اس کے لئے ہم نے پانچ Special technology zones approve کر لئے ہیں، ایک ساؤتھ کے لئے جو اسی سال اس کی Feasibility بھی بنے گی اور کنسٹرکشن بھی شروع ہو گی ان شاء اللہ، اس کے لئے پچانوے (95) کروڑ روپے رکھے گئے ہیں، ساؤتھ میں یہ آئی ٹی کا Special technology zone بنے گا، ایک سوات میں ہے، ایک پشاور میں ہے، ایک مردان میں ہے اور دو ہری پور میں ہیں، باقی کے لئے بھی ہم جگہ ڈھونڈ رہے ہیں، جہاں پر ہمیں جگہ مل سکتی ہے، کیونکہ زمین کا بہت پرابلم ہوتا ہے، جہاں پر ہمیں جگہ

مل سکتی ہے، یہ بھی جو ہری پور کا یہ ان شاءاللہ این ایل سی کے ساتھ کنٹریکٹ ہو گیا ہے، وہ شروع ہو جائے، Ground breaking ceremonyاس کی بھی ان شاءاللہ Wednesday کو ہو جائے گی، اس پر بہت لوگوں نے Interest show کی ہے لیکن ظاہری بات ہے کہ اس کے لئے Trainedلوگ بھی چاہئیں۔اسی طرح ایک پشاور کے لئے جیسے میں نے بتایا،ایک ایبٹ آباد کے لئے آئی ٹی پارک ہے،اس کے لئے زمین ہے لیکن اس کے راستے کا تھوڑا سا ایشو ہے، وہ کنٹونمنٹ ایریا میں ہے، ہم وہ راستہ اس کے لئے Clear کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سے بات بھی ہوئی ہے، بہر حال اس میں ابھی تھوڑے سے ایشوز ہیں، ایک ہم آئی ٹی کی یونیورسٹی Fachhochschule کا نام آپ لوگوں نے سنا ہو گا، ہری پور میں جو بنی ہے، Applied sciences کی، جس طرح ہمارے صوبے میں ایک GIK ہے، ایک یہ Fachhochschule ہے، یہ تیسرے لیول کی، مطلب پاکستان لیول کی ہو گی ان شاءاللہ، یہ صرف اس لیول کی نہیں ہو گی کہ جس طرح ہم صرف لوکل یہاں پر کرنا چاہتے ہیں، یہ آئی ٹی یونیورسٹی اس کے لئے بھی دو ارب روپے رکھے گئے ہیں، وہ بھی ان شاءاللہ شروع ہو جائے گی۔جناب سپیکر، یہ بڑی بڑی چیزیں تھیں، یہ میں مانتا ہوں کہ پہلے سال Obviously میرا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ میں یہ پہلا سال تھا، اس کے لئے پلاننگ کرنا، اس کے لئے بجٹ Approve کرنا، وہ سارا ایک ہی سال میں نہیں ہو سکتا لیکن اس سال اگر اللہ نے موقع دیا تو ان شاءاللہ یہ جو بھی چیزیں میں نے آپ کو بتائی ہیں، امید ہے کہ یہ ساری ان شاءاللہ تعالیٰ اب پوری ہو جائیں گی، میری اتنی لمبی تقریر سے آپ لوگ مطمئن ہوں تو میں سب سے ریکویسٹ کروں گا کہ کٹ موشنز واپس لے لیں، بہت شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔جی میڈم نگہت۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سر، بات یہ ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب کی جو Polite تعریف بنتی ہے وہ میں ضرور کروں گی لیکن ہم سب اپوزیشن نے، مطلب سپیکر کی کرسی پر وہ بیٹھے ہوئے، اس سے پہلے بھی یہاں ایک خدا بیٹھا تھا، بات یہ ہے کہ ہمارے اپوزیشن لیڈر کے ساتھ ان کا جو رویہ تھا، وہ ایک چیز نہیں بنتی تھی، انہوں نے تو بڑے Polite انداز میں آپ سے بات کی تھی لیکن آپ نے جس طریقے سے ان سے بات کی ہے، اس پر تمام اپوزیشن کے ممبران۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ، میڈم جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، مجھے بات کرنے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں نہیں، میں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیونکہ مجھے آپ نے Floor دیا ہے، دیکھیں یہی تو بات ہے، جو بات میں ایک منٹ میں کرنا چاہوں گی وہ دس منٹ لگ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دیکھیں جی، آپ بیٹھ جائیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کہنے کا مقصد یہ ہے کہ میں نہیں چاہتی کہ اس پر ووٹنگ ہو لیکن ظاہر ہے کہ ہماری اپوزیشن کا یہ وعدہ ہے، مطلب ہمارے اپوزیشن لیڈر نے ہمیں یہ انسٹرکشن دی ہے کہ ہم آپ کے رویئے کے خلاف اس پر ووٹنگ کریں گے، ہم ووٹنگ کریں گے، ہم Defeat ہو جائیں گے لیکن بات یہ ہے کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب محمود احمد خان صاحب۔

جناب محمود احمد خان: جناب ووٹ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک۔

محترمہ شگفتہ ملک: ووٹ کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میر کلام صاحب۔

جناب میر کلام خان: جناب سپیکر صاحب، ووٹ کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: درانی صاحب کا فیصلہ سر آنکھوں پر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب خوشدل خان صاحب۔

Mr. Khushdil Khan Advocate: Should be vote.

جناب ڈپٹی سپیکر: میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: سر، میں نے تو خاکروب کی نذر کیا تھا لیکن ووٹ کراؤں گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ووٹنگ کرائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: جی ووٹنگ کرائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اختیار ولی صاحب۔
جناب اختیار ولی: ہمہ یاران جنت، ہمہ یاران دوزخ، ووٹ کرائیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: احمد کنڈی صاحب۔
جناب احمد کنڈی: ووٹ کرائیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: بصیرت خان صاحبہ۔
محترمہ بصیرت خان: ووٹ کرائیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: بہادر خان صاحب۔
جناب بہادر خان: ووٹ کرائیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: اکرم درانی صاحب۔
قائد حزب اختلاف: عاطف خان صاحب نے اتنی میٹھی اور پیاری باتیں کیں، بڑے وضع دار انسان بھی ہیں، ہم نے خود بھی یہ کہا تھا کہ یہ اہم ہے لیکن ہاؤس کا جب تک رویہ بدلا نہ ہو تو کٹ موشنز پر ووٹنگ ہوگی۔ عاطف خان میرا چھوٹا بھائی ہے، میرے پاس اس کا بہت لحاظ ہے، یہ منسٹری بھی ہے لیکن جب ہاؤس چلانے والے کے پاس اتنا وہ نہ ہو کہ وہ اپنی اپوزیشن اور گورنمنٹ کو سنبھالیں، لہذا عاطف خان صاحب، آپ کی یہاں پر جو Briefing تھی وہ میرے خیال سے انتہائی مناسب تھی، اخلاقی طور پر ہونا چاہیئے تھا کہ ہم سب ان کو واپس کر دیں لیکن بہ امر مجبوری، ہم مجبور ہیں کہ اس پر ووٹ کرائیں، آپ ناراض نہ ہوں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: نثار احمد صاحب۔
جناب نثار احمد: آپ کے رویہ کی وجہ سے ووٹ ہونا چاہیئے۔
جناب ڈپٹی سپیکر: ماشاء اللہ۔ حافظ عصام الدین صاحب۔
حافظ عصام الدین: ووٹ کرائیں۔
جناب ڈپٹی سپیکر: میں ووٹ کے لئے Put کرتا ہوں، جس طرح میں نے پہلے کہا تھا کہ تمام ممبران کی کٹ موشنز مختلف ہیں، سب سے زیادہ تخفیف کو تصور کیا جائے گا۔
Now, I put these cut motions to vote. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: 'Noes' have it, the cut motions are defeated. Therefore, the motion before the House is that Demand No. 5 may

be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted.

آپ کو Confirmation بھی دینی تھی کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کی پریس گیلری کے انتخابات آج منعقد ہوئے ہیں، اس میں گلزار خان بلا مقابلہ صدر، رسول داوڑ صاحب سیکرٹری اور ارسلان جنید صاحب کوآرڈینیٹر منتخب ہوئے ہیں، لہذا میں اپنی طرف سے اور تمام اراکین کی طرف سے آپ کو مبارک باد دیتا ہوں۔ میڈم نے اشاروں میں ایک بات کہی کہ یہاں مجھ سے پہلے بھی ایک بندہ بیٹھا تھا، وہ بندہ دوبارہ آئے گا، فی الحال وہ گورنر ہے، وہ ان شاء اللہ دوبارہ آئے گا، بیٹھے گا، میں بھی بیٹھوں گا، Rules کے مطابق میں ان شاء اللہ چلاؤں گا، میں پھر دوبارہ کہتا ہوں کہ مجھے کوئی Pressurize نہیں کر سکتا، جو جتنا چاہے چیخے، پکارے، گانے گائیں، باجے بجائیں، کوئی مجھے Pressurize نہیں کر سکتا۔

The sitting is adjourned till 10:00 am, tomorrow Morning, Friday, 24th rd June, 2022.

---

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک مورخہ 24 جون 2022ء صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)